صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 26 | شمارہ: 06 | 09 تا 15 فروری 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

پاکستان عالمی سرمایہ کاری کا نیا مرکز بن گیا

کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس، زرمبادلہ کے ذخائر کئی برسوں بعد بلند ترین سطح پر ہیں، عالمی مالیاتی ادارے اور کریڈٹ رینگ ایجنسیاں پاکستان کی اصلاحاتی پیشرفت کا اعتراف کررہی ہیں، عرب نیوز

پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے قابل عمل ملک قرار دیا گیا ہے جہاں براڈ بینڈ کنیکٹیویٹی، ڈیجیٹل ادائیگیاں اور کم لاگت رئیل ٹائم ٹرانزیکشن پلیٹ فارم روزمرہ زندگی کا حصہ بن چکے ہیں، ماہرین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) غیر ملکی جریدے نے پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کا نیا مرکز قرار دے دیا۔ عرب نیوز میں شائع مضمون کے مطابق پاکستان میں معاشی اصلاحات کے باعث افراط زر کی شرح کم ہو کر 5 فیصد پر آ چکی ہے، شرح سود میں کمی اس بات کا ثبوت ہے کہ کاروباری اعتماد میں بہتری اور سرمایہ کاری کیلئے ماحول سازگار ہے۔ عرب نیوز کے مضمون میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس میں آ چکا ہے جبکہ زرمبادلہ کے ذخائر کئی برسوں کے بعد بلند ترین سطح پر ہیں، عالمی مالیاتی ادارے اور کریڈٹ رینگ ایجنسیاں پاکستان کی اصلاحاتی پیشرفت کا اعتراف کر رہی ہیں۔ عرب نیوز کے مطابق اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سروے میں پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے قابل عمل ملک قرار دیا گیا ہے، جہاں براڈ بینڈ کنیکٹیویٹی، ڈیجیٹل ادائیگیاں اور کم لاگت رئیل ٹائم ٹرانزیکشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدے پر اتفاق ہوگیا، ڈونلڈ ٹرمپ

بھارتی مصنوعات پر امریکی ٹیرف کو 50 فیصد سے کم کرکے 18 فیصد کردیا جائے گا۔ اس کے بدلے میں بھارت روسی تیل کی خریداری بند کرے گا

اگست 2025 میں امریکی انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات کی وسیع رینج پر 19 فیصد باہمی ٹیرف نافذ کیا تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ انہوں نے بھارت کے ساتھ ایک تجارتی معاہدے پر اتفاق کرلیا ہے جس کے تحت بھارتی مصنوعات پر امریکی ٹیرف کو 50 فیصد سے کم کرکے 18 فیصد کردیا جائے گا۔ اس کے بدلے میں بھارت روسی تیل کی خریداری بند کرے گا اور امریکہ اور مملکت طور پر ویزویلا سے تیل خریدے گا۔ بھارت کیلئے نیا باہمی ٹیرف پاکستان کے مقابلے میں 1 فیصد کم ہے۔ اگست 2025 میں امریکی انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات کی وسیع رینج پر 19 فیصد باہمی ٹیرف نافذ کیا تھا جو کہ ابتدائی طور پر تجویز کردہ 29 فیصد سے کم تھا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ٹیلی فونک رابطے کے بعد سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وزیراعظم مودی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

واشنگٹن: بلاول بھٹو شتے کی ٹیبل پر امریکی کانگریس ارکان سے گفتگو کررہے ہیں

قازقستان کا مشترکہ منصوبے شروع کرنے میں دلچسپی کا اظہار

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے قازقستان کے ہم منصب ارمان شقلیئیف نے ملاقات کی

دونوں وزراء نے پاکستان اور قازقستان کے اقتصادی تعلقات کو محض امکانات سے نکال کر عملی کارکردگی میں بدلنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قازقستان نے فوڈ پروسیسنگ، زرعی ویلیو چینز اور ادویات سازی کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے شروع کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے قازقستان کے ہم منصب ارمان شقلیئیف نے ملاقات کی اور دوطرفہ تجارت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور اقتصادی تعاون، رابطوں اور سرمایہ کاری کو وسعت دینے کے لیے ٹھوس ذرائع پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں وزراء نے پاکستان اور قازقستان کے اقتصادی تعلقات کو محض امکانات سے نکال کر عملی کارکردگی میں بدلنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ اس سلسلے میں مواصلاتی رابطوں، سرمایہ کاری پر مبنی ترقی اور علاقائی یکجہتی پر بھرپور توجہ مرکوز کی گئی۔ انہوں نے اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

ریل منصوبہ گیم چینجر قرار
پاکستان اور ازبکستان علاقائی رابطوں کو فروغ دینے کیلئے پرعزم

28 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے، جن میں دفاع، ماحولیاتی تبدیلی، آفات کے انتظام، زراعت، پھلوں کی برآمدات، کان کنی اور جیوسائنسز، سزایافتہ افراد کی منتقلی اور منشیات کے خلاف مشترکہ کوششیں شامل ہیں

ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف نے پاکستانی قیادت کی جانب سے دی گئی گرمجوشی اور مہمان نوازی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی میں تعاون کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور تجارتی حجم بڑھانے کیلئے پروٹوکول پر دستخط کیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان علاقائی رابطوں کو فروغ دینے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریل منصوبے کو دونوں ممالک اور وسیع خطے کے لیے ممکنہ طور پر ایک گیم چینجر قرار دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دو روزہ سرکاری دورے پر پاکستان آئے ازبک صدر شوکت مرزیایوف کے ساتھ ایک تقریب سے خطاب کیا، جس میں 28 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کے تبادلے کئے گئے، جن میں 20 کلیدی دستاویزات بھی شامل ہیں، انہوں نے اس موقع پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف تجارتی راستوں کو آسان بنائے گا بلکہ علاقائی نقل و حرکت کو بہتر کرنے اور سرمایہ کاری و تجارت کے نئے مواقع فراہم کرے

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
info@tijaratnews.tv 0313-1176161
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
TikTok

کاٹیج انڈسٹریز کی 265 ایکڑ زمین کے ایم سی کے حوالے کردی گئی تھی

لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آبادکاری میں کوئی رکاوٹ نہیں، خالد حیدر شاہ

سینیئر ممبر ریونیو بورڈ کے اعلان سے کاٹیج انڈسٹریز کے الاٹیز کو نیا حوصلہ ملا ہے، محمود حامد

کراچی (کامرس رپورٹر) سینیئر ممبر ریونیو بورڈ خالد حیدر شاہ نے کہا ہے کہ بورڈ آف ریونیو کسی طرح بھی KMC لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آبادکاری میں رکاوٹ نہیں ہم 265 ایکڑز میں بہت پہلے کے ایم سی کے حوالے کر چکے ہیں جس کی حفاظت کرنا اور الاٹیز کو منتقل کر کے آبادکاری کرنا کے ایم سی کی ذمہ داری تھی، ان کی غفلت کا ملبہ ہمارے اوپر نہ گرایا جائے۔ وہ اپنے دفتر میں لانڈھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ٹیکسٹ پیغامات کے ذریعے مالی رازداری کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی گئی

پیغامات کی ترسیل میں تیسرے فریق کو شامل نہیں کیا جاتا، تمام رابطہ کاری محفوظ سرکاری ذرائع سے کی جاتی ہے

مقصد آگاہی فراہم کرنا اور ٹیکس دہندگان میں رضاکارانہ تعمیل کو فروغ دینا تھا، ایف بی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے واضح کیا ہے کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے ٹیکس دہندگان کو ان کے بینک اکاؤنٹس اور منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے متعلق بھیجے گئے ٹیکسٹ پیغامات کے ذریعے مالی رازداری کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی گئی۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں جمع کرائی گئی ایف بی آر کی تحریری بریفنگ کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں 4 روز کے بعد قیمت میں بڑی کمی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں 4 روزہ وقفے کے بعد قیمتوں میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 214 ڈالر کی کمی سے نئی قیمت 4 ہزار 850 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب مقامی صرافہ بازاروں میں 24 قیراط کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

آئی ایم ایف کا جائزہ مشن رواں ماہ کے آخر میں پاکستان پہنچے گا

بیرونی مالی وسائل میں کوئی کمی نہیں ہے، یو اے ای کے ساتھ قرضوں کی واپسی کی مدت میں توسیع پر بات چیت جاری ہے

پانڈا بانڈز رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں جاری کیے جائیں گے اور ان کے اجرا سے متعلق معاملات طے کیے جارہے ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا ایک مشن جاری پروگرام کے تیسرے جائزے کیلئے رواں ماہ کے آخر میں پاکستان پہنچے گا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے یہ بات سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کے اجلاس کے بعد میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بیرونی مالی وسائل میں کوئی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ یو اے ای کے ساتھ قرضوں کی واپسی کی مدت میں توسیع پر بات چیت جاری ہے۔ تاہم، جب کمیٹی ارکان نے پوچھا کہ کیا متحدہ عرب امارات نے اپنا قرض صرف ایک ماہ کے لیے رول اوور کیا ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

ایف بی آر سپر ٹیکس کی اقساط میں وصولی کیلئے تیار

یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ وصولی کے اقدامات کے نتیجے میں کسی بھی کاروبار کو بند ہونے پر مجبور نہیں کیا جائے گا

رپورٹ کردہ 300 ارب روپے کے اعداد و شمار درست نہیں ہیں، بلکہ اصل رقم 217 ارب روپے کے قریب ہے، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال نے کارپوریٹ سیکٹر کیلئے بڑے ریلیف کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر کاروباری برادری سے ہر کیس کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے سپر ٹیکس کی اقساط میں وصولی کیلئے تیار ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق یہ معاملہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کے دوران سامنے آیا، کمیٹی ارکان نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ ٹیکس کی اچانک وصولی نے کاروباری اداروں کے لیے سنگین چیلنجز پیدا کر دیے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اگرچہ عدالتوں نے سپر ٹیکس کی قانونی حیثیت کو برقرار رکھا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ڈیفنس کی مصروف شاہراہ کے بل بورڈز پر نازیبا ویڈیو چل گئی

متنازع مواد دیکھ کر شہریوں نے ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کیں، جو فوراً وائرل ہوگئیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی کے پوش علاقے ڈیفنس کی مصروف شاہراہ پر ایڈورٹائزمنٹ کیلئے لگائی گئی ایس ایم ڈی اسکرینز پر نازیبا ویڈیو نشر کردی گئی، جس پر شہریوں نے شدید احتجاج کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ڈی ایچ اے میں واقع خیابانِ اتحاد روڈ پر نصب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ

کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 18 کروڑ 15 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں ہفتے کے دوران 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک سے جاری اعداد و شمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

پاکستانی برآمدات 3 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئیں، پاکستان بیورو آف اسٹاٹسٹکس

برآمدات میں تاریخ ساز اضافہ اور درآمدات میں نمایاں کمی سے تجارتی خسارہ کم ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی معاشی اور تجارتی حکمت عملی کے نتیجے میں پاکستان نے برآمدات اور تجارتی ترقی میں تاریخی سنگِ میل عبور کرلیا۔ برآمدات میں اضافہ ملکی زرمبادلہ، وسیع روزگار کے مواقع اور اقتصادی خودمختاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

پنجاب عالمی منڈی میں آلو ایکسپورٹ کرنے والا صوبہ بننے کے قریب

اپنے کسان کو مڈل مین یا مارکیٹ کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑوں گی، مریم نواز

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب عالمی منڈی میں آلو کی ایکسپورٹ کرنے والا صوبہ بننے کے قریب ہے جب کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں آلو کی پیداوار میں 25 فیصد کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب میں آلو کی پیداوار کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے 12 ملین میٹرک ٹن کی تاریخی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

باغ جناح میں گل پلازہ متاثرین کیلئے اسٹالز کی کمپیوٹرائزڈ تصویر

صنعتیں تباہی کے دہانے پر، سپر ٹیکس کی فوری وصولی تشویشناک

نہ صرف مقامی صنعت بری طرح متاثر ہورہی ہے بلکہ سرمایہ کاری کو بھی شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں، پیداواری لاگت بھی خطہ میں سب سے زیادہ ہے

50 فیصد سے زائد ٹیکس پر کاروبار ناممکن ہے، مشاورت سے واجبات کی آسان اقساط میں ادائیگی، ایکسپورٹ ریفنڈز سے ایڈجسٹمنٹ کی سہولت دی جائے، صدر کاٹی

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے کہا ہے کہ برآمد کنندگان سے 2022 سے 2026 تک سپر ٹیکس کی مد میں 217 ارب روپے کی فوری وصولی پہلے سے شدید بحران کا شکار صنعتی شعبے کے لیے مزید مشکلات پیدا کرے گا۔ حکومت کا فیصلہ تشویشناک ہے جس سے نہ صرف مقامی صنعت بری طرح متاثر ہورہی ہے بلکہ سرمایہ کاری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

ڈیفنس کی شاہراہ پر لگے بل بورڈز جہاں نازیبا ویڈیو چلی (فائل فوٹو)

برق رفتار اور جدید کیمروں والے ڈرونز کو تلاش و بچاؤ آپریشنز کیلئے استعمال کرنے کا فیصلہ

حادثات کا شکار ماہی گیر لانچوں اور بحری جہازوں کے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کی نگرانی بغیر پائلٹ فضائی نظام سے ہوگی

بغیر پائلٹ ڈرونز کی میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے بحری بیڑے میں شمولیت رواں سال تک ہوجائیگی، ڈپٹی ڈی جی ایم ایس اے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سمندر میں تند و تیز ہواؤں، بلند لہروں سمیت متفرق وجوہات کی بنا پر حادثات کا شکار ہونیوالی ماہی گیر لانچوں اور بحری جہازوں کے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کی نگرانی بغیر پائلٹ فضائی نظام (ان مینڈ ایریل وہیکلز) کے ذریعے ہوگی، پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے انتہائی برق رفتار اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

حج 2026: سعودی عرب نے ویزوں کے اجرا کی تاریخ کا اعلان کردیا

ویزوں کے اجرا کا عمل اس سال معمول سے پہلے شروع کیا جارہا ہے تاکہ حج انتظامات بروقت مکمل کیے جاسکیں

مکۃ المکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی وزارتِ حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ حج 2026 کے لیے ویزوں کے اجرا کا آغاز 8 فروری سے کیا جائے گا۔ وزارت کے مطابق ویزوں کے اجرا کا عمل اس سال معمول سے پہلے شروع کیا جارہا ہے تاکہ حج انتظامات بروقت مکمل کیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

مکۃ المکرمہ: مسجد الحرام میں حج کے موقع پر لی گئی خوبصورت تصویر (فائل فوٹو)

شہباز شریف کی اعلیٰ سطح لیبیائی وفد کے ساتھ ملاقات

وفد کی قیادت ڈاکٹر اسامہ سعد حماد، وزیراعظم لیبیائی حکومت، کررہے تھے جبکہ اس میں اہم شخصیات شامل تھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک اعلیٰ سطح لیبیائی وفد کے ساتھ ملاقات میں پاکستان کی دوطرفہ تعلقات مضبوط کرنے کی وابستگی کو دوبارہ دہرایا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیبیائی وفد کی قیادت ڈاکٹر اسامہ سعد حماد، وزیراعظم لیبیائی حکومت، کررہے تھے جبکہ اس میں اہم شخصیات شامل تھیں جن میں فیلڈ مارشل خلیفہ ابو القاسم حفتر، کمانڈر ان چیف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

سابق آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی خدمات کے اعتراف کاٹی کی جانب سے اعزازی تقریب

قانون کی بالادستی اور صنعتکاروں کے تحفظ کو ہمیشہ ترجیح دی، غلام نبی میمن

کراچی (کامرس رپورٹر) سندھ پولیس کی سربراہی میرے لیے ایک بڑا اعزاز ہونے کے ساتھ ساتھ بھاری ذمہ داری بھی تھی۔ امن و امان کے قیام، قانون کی بالادستی اور شہریوں و صنعتکاروں کے جان و مال کا تحفظ ہمیشہ میری اولین ترجیح رہا۔ صنعت و تجارت کسی بھی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور اس شعبے کو محفوظ ماحول فراہم کرنا پولیس کی بنیادی ذمہ داری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

عازمین حج کیلئے بائیومیٹرک کی ڈیڈ لائن سامنے آگئی

بائیومیٹرک نہ کروانیوالے عازمین کے حج ویزہ نہیں لگیں گے، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ وہ سعودی ایپ کی مدد سے بائیومیٹرک تصدیق 8 فروری تک لازمی کروالیں۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کیلئے نیا ہدایت نامہ جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ سعودی ویزا ایپ سے بائیومیٹرک مکمل کرنے کے لیے ڈیڈ لائن آٹھ فروری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

کابینہ کمیٹی برائے نجکاری، ہاؤس بلڈنگ فنانس کمپنی کی نجکاری کے عمل کو آگے بڑھانے پر متفق

کمیٹی نے نجکاری کمیشن کے ذریعے اسلام آباد ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ بھی کرنے کی سفارش کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کمیٹی برائے نجکاری نے نجکاری کمیشن کے اس فیصلے کی توثیق کردی ہے کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کمپنی کی نجکاری کے عمل کو آگے بڑھایا جائے۔ کمیٹی نے نجکاری کمیشن کے ذریعے اسلام آباد ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ بھی کرنے کی سفارش کی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ فیصلے منگل کو یہاں منعقد ہونے والے اجلاس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

پاکستان کے بیرونی قرضوں میں اضافے کا امکان

حالیہ رجحان برقرار رہا تو رواں سہ ماہی میں پاکستان کا قرض اور جی ڈی پی کا تناسب تیزی سے بڑھ سکتا ہے

بیرونی قرضے سالانہ بنیادوں پر 6 فیصد اضافے کے ساتھ 91.8 ارب ڈالر کی سطح پر آگئے ہیں، جو کہ 5 ارب ڈالر کے اضافے کو ظاہر کرتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دوسری کرنسیوں کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں کمی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے نتیجے میں پاکستان کے بیرونی قرضوں کی واجب الادا رقم میں اضافہ ہورہا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا بیرونی قرضہ اب تک 92 ارب ڈالر کے کل قرض میں سے 56 فیصد کثیر جہتی اور دو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

ایکسپو سینٹر: وزیراعلیٰ سندھ نے 21 ویں مائی کراچی نمائش کا افتتاح کردیا

متاثرین گل پلازہ کو دوماہ میں امدادی رقم اور متبادل جگہ دیں گے، مراد علی شاہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس کے تحت ایکسپو سینٹر میں تین روزہ 21 ویں مائی کراچی نمائش کا آغاز ہوگیا، نمائش میں 300 سے زائد پاکستانی کمپنیوں کے اسٹالز لگائے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مائی کراچی نمائش کا افتتاح کیا، افتتاحی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: صدر آصف زرداری ازبکستان کے صدر کو اعلیٰ ترین نشان پاکستان سے نواز رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف بھی موجود ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ

ایڈیٹر: محمد صغیر

Email:Tijaratnewshd@gmail.com0313-1176161-فون

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 06) 09 تا 15 فروری 2026ء

برآمدات میں اضافے کی حکمت عملی

وزیراعظم شہباز شریف نے 2024-25 کے ٹاپ ایکسپورٹرز ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز ایکسپورٹرز کے لیے بلیو پاسپورٹ کا اعلان کیا اور صنعتوں پر مالی دباؤ کم کرنے کے لیے ایکسپورٹ ری فنانس ریٹ، بجلی کے نرخ اور ویلنگ چارجز میں کمی کے اقدامات کا اعلان کیا۔ بلیو پاسپورٹ عام طور پر حکومتی اہلکاروں، سینیٹرز اور پارلیمنٹ کے اراکین کے لیے جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ سرکاری بیرون ملک امور کے لیے آسانی سے ویزا حاصل کرسکیں۔ امید یہ کی جارہی تھی کہ حکومت اس کے بجائے ملک کے (عام) شہریوں کے لیے ویزا سہولیات فراہم کرنے پر زیادہ توجہ دیتی کیونکہ عام شہری دنیا کے بیشتر ممالک، بشمول وہ مسلم ممالک جن کے ساتھ پاکستان کے خصوصی تعلقات، تجارتی اور بعض اوقات سیکیورٹی معاہدے ہیں، میں انتہائی سخت ویزا شرائط کا سامنا کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے اعلان کیا ہے کہ وزیراعظم کے خصوصی ریلیف پیکیج کے تحت صنعتوں کے لیے بجلی کے نرخوں میں 4.04 روپے فی یونٹ کمی کردی گئی ہے۔ اس پیکیج سے وہیلنگ چارجز میں کمی آئے گی جس کے نتیجے میں صنعتوں کے لیے بجلی کی فی یونٹ لاگت 11 سے 11.5 سینٹ تک کم ہوجائے گی، تاہم یہ شرح اب بھی علاقائی حریف ممالک (جیسے بھارت، بنگلہ دیش اور ویتنام) کے مقابلے میں زیادہ ہوگی۔ بھارت میں بجلی کے نرخ ریاست در ریاست مختلف ہوتے ہیں اور یہ 3 سے 9 سینٹ فی یونٹ کے درمیان ہیں جبکہ چین میں ہائی وولٹیج صنعتی نرخ تقریباً 8.4 سے 8.8 سینٹ فی یونٹ کے قریب ہیں۔ تاہم، بھارت کی طرح چین میں بھی یہ نرخ خطے اور استعمال کی سطح کے لحاظ سے نمایاں طور پر مختلف ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان مسلسل یکساں ٹیرف پر اصرار کررہا ہے جس کے لیے ہر سال خطیر سبسڈیز کی ضرورت ہوتی ہے (رواں سال کے بجٹ میں ایک کھرب روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں)۔ یہ عمل مالی گنجائش میں کمی کی ایک بڑی وجہ ہے، ساتھ ہی ساتھ آئی پی پیز کے ساتھ کیے گئے ناقص معاہدے بھی ذمہ دار ہیں جن کے تحت بجلی کی اصل خریداری سے قطع نظر کیپیسٹی پیمنٹس اور ڈالر کی شکل میں منافع کی واپسی کا وعدہ کیا گیا ہے۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ یہاں تک کہ کیا لیکٹرک بھی جسے 2005 میں نجی ملکیت میں دیا گیا تھا، اسی مقصد کیلئے سالانہ سبسڈی وصول کرتی ہے۔ ملک بھر میں یکساں ٹیرف کی پالیسی کی وجہ سے رواں سال کے بجٹ میں ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے 125 ارب روپے کیا لیکٹرک کے لیے مختص کیے گئے ہیں، یہ وہ عنصر ہے جو مزید تین تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی مجوزہ نجکاری کو مشکوک بنادیتا ہے۔ اس تشویشناک صورتحال میں مزید اضافے کی وجہ یہ ہے کہ حکومت نے ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے مقصد سے قابلِ تجدید توانائی (سولر، ونڈ وغیرہ) کے ذریعے بجلی کی پیداوار کی حوصلہ افزائی تو شروع کی لیکن اس سے کیپیسٹی پیمنٹس (بجلی گھروں کو ہونے والی واجب الادا ادائیگیاں) کے واجبات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ مزید برآں حکومت نے گردشی قرضے کی ادائیگی کیلئے کمرشل بینکوں سے 1.25 کھرب روپے قرض لیا ہے، یہ ایک ایسا قرض ہے جس کا مقصد بجلی کے شعبے کی نااہلیوں کا بوجھ بے بس صارفین پر ڈالنا ہے۔ ساتھ ہی حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ جاری پروگرام کے تحت یہ عہد کیا ہے کہ بجلی کی فراہمی کی مکمل لاگت کی وصولی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اگر ڈسکاؤنٹ ریٹ (شرحِ سود) موجودہ 10.5 فیصد سے کم نہیں ہوتا، جیسا کہ توقع کی جارہی ہے، تو حکومت آئی ایم ایف کے ساتھ اپنے معاہدے کے مطابق 'ڈیٹ سروس سرچارج' کو ایڈجسٹ کرنے پر مجبور ہوجائے گی۔ ایسی صورت میں حکومت کو تقریباً یقینی طور پر (صنعتوں کے لیے) اعلان کردہ ریلیف پیکیج واپس لینا پڑے گا۔ اس لیے بجلی کے شعبے میں ڈھانچہ جاتی تبدیلیوں کی ضرورت انتہائی شدید ہے اور صرف یہی امید کی جاسکتی ہے کہ ایک جامع اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل کیا جائے گا تاکہ موجودہ خامیوں کو ہمیشہ کے لیے دور کیا جاسکے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بیرونِ ملک سے قرض لینے (بشمول دوست ممالک سے حاصل کردہ 12 ارب ڈالر سے زائد کے رول اوورز) کے مقابلے میں برآمدی آمدن ہی آمدنی کا سب سے پسندیدہ ذریعہ ہے، تاہم اس حقیقت کو تسلیم کرنا ہوگا کہ گزشتہ برسوں کے دوران غیر ملکی زرمبادلہ کے حصول کے ذریعے کے طور پر پاکستان کی برآمدات میں مسلسل کمی واقع ہوئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پاکستان کی برآمدات زیادہ تر خام مال پر مشتمل ہیں جن میں ویلیو ایڈیشن بہت کم ہے۔

تیز رفتار گاڑی بے قابو ہوکر گروسری اسٹور میں گھس گئی، 3 ہلاک متعدد زخمی

لاس اینجلس (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی شہر لاس اینجلس میں تیز رفتار گاڑی بے قابو ہوکر ایک گروسری اسٹور میں گھس گئی، جس کے نتیجے میں تین افراد ہلاک اور چھ افراد شدید زخمی ہوگئے۔ لاس اینجلس فائر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق یہ حادثہ شہر کے ویسٹ ووڈ علاقے میں واقع ایک مارکیٹ میں پیش آیا۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں۔ حکام کے مطابق تین افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے، جبکہ زخمی ہونے والے افراد کو قریبی اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق گاڑی ایک خاتون چلا رہی تھیں، تاہم حادثے کی حتمی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

غزہ کے لیے امداد کا نیا معرکہ، 100 کشتیوں کی عالمی فریڈم فلوٹیلا تیار

جوہانسبرگ/رام اللہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ کے لیے امداد لے جانے کی کوشش کرنے والے عالمی کارکنوں نے اعلان کیا ہے کہ وہ اس سال پہلے سے کہیں بڑی بحری امدادی فلوٹیلا روانہ کریں گے، جس میں 100 سے زائد کشتیاں اور ایک ہزار کے قریب طبی عملہ شامل ہوگا۔ خبر رساں اداروں کے مطابق گزشتہ برس اکتوبر میں اسرائیل نے گلوبل صمود فلوٹیلا کی تقریباً 40 کشتیوں کو غزہ پہنچنے سے روک دیا تھا اور سویڈش ماحولیاتی کارکن گریٹا تھنبرگ سمیت 450 سے زائد کارکنوں کو حراست میں لیا گیا تھا۔ بدھ کے روز جنوبی افریقہ میں نیلسن منڈیلا فاؤنڈیشن میں ہونے والے اجلاس میں فلوٹیلا کے منتظمین نے کہا کہ اس بار کوشش پہلے سے کہیں زیادہ بڑی اور منظم ہوگی۔ اجلاس میں نیلسن منڈیلا کے پوتے مانڈلا منڈیلا بھی شریک تھے، جو گزشتہ مشن کے دوران گرفتار کیے گئے تھے۔ مانڈلا منڈیلا کا کہنا تھا کہ یہ مہم انصاف اور انسانی وقار کے لیے ہے اور دنیا بھر کے لوگوں کو اس میں شامل ہونے کی اپیل کی گئی ہے۔ ان کے مطابق اگر فلوٹیلا کو ایک بار پھر روکا گیا تب بھی یہ غزہ کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا مضبوط پیغام ہوگا۔ اسرائیلی حکام نے گزشتہ برس بھی اس مشن کو محض تشہیری اقدام قرار دیا تھا۔ اسرائیل کا مؤقف ہے کہ وہ غزہ میں امداد کی ترسیل نہیں روک رہا، تاہم فلسطینی حکام اور عالمی امدادی اداروں کا کہنا ہے کہ غزہ میں امداد اب بھی ناکافی ہے۔ اکتوبر میں ہونے والی جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی فورسز اب غزہ کے 53 فیصد سے زائد علاقے پر کنٹرول رکھتی ہیں، جہاں سے شہریوں کو انخلا کے احکامات دیے گئے ہیں۔ غزہ کی بڑی آبادی ساحلی پٹی کے ایک تنگ علاقے میں عارضی خیموں اور تباہ شدہ عمارتوں میں رہنے پر مجبور ہے۔ ادھر اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں کے تشدد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ یو این کے مطابق صرف جنوری میں تقریباً 700 فلسطینی اپنے گھروں سے بے دخل ہوئے، جو اکتوبر 2023 کے بعد سب سے زیادہ تعداد ہے۔

امریکا: ماں سے متعلق خواب نے خاتون کو ہزاروں ڈالر جتوادیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک خاتون نے خواب کی مدد سے ہزاروں ڈالر کی لاٹری جیت لی۔ امریکی ریاست ساؤتھ کیرولائنا کے شہر کنگسٹری سے تعلق رکھنے والی خاتون کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنی والدہ سے متعلق ایک خواب دیکھا جس کے بعد اپنی والدہ کے موبائل نمبر کو لاٹری میں استعمال کیا اور 13 ہزار ڈالر کا انعام جیت لیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ جب خواب سے بیدار ہوئیں تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اپنی والدہ کے فون نمبر کے ہندسوں سے پک 4 لاٹری کھیلیں گی۔ وہ دکان پر گئیں اور اس خاص نمبر سیٹ کے حامل پانچ ٹکٹ خرید لیے اور ہر ٹکٹ سے انہوں نے 2600 ڈالر کا انعام جیتا جو مجموعی طور پر 13 ہزار ڈالر کا انعام بنا۔

انڈونیشیا: دنیا کا سب سے لمبا جنگلی سانپ

جکارتہ (مانیٹرنگ ڈیسک) انڈونیشیا کے علاقے ماروس میں دریافت ہونے والے ایک دیوہیکل سانپ کی لمبائی 23 فٹ 8 انچ ہے۔ یہ سانپ اس وقت ماہر تحفظِ فطرت بودی پورواتنو، لائسنس یافتہ سانپ پکڑنے والے ڈیانو گراہا اور نیچرل ہسٹری فوٹو گرافر رادو فریتیو کی نگرانی میں ہے۔ نوگراہا اور فریتیو کا کہنا ہے کہ اژدہے (ریٹیکولیٹڈ پائتھن) کو گنیز ورلڈ ریکارڈ نے سب سے لمبا جنگلی سانپ قرار دے دیا۔ ریکارڈ رکھنے والے ادارے کے مطابق شواہد کا جائزہ لینے کے بعد یہ ثابت ہوا کہ مادہ سانپ کی لمبائی 23 فٹ 8 انچ ہے۔ یہ سانپ اس وقت ماہر تحفظِ فطرت بودی پورواتنو، لائسنس یافتہ سانپ پکڑنے والے افواہوں پر مبنی اطلاعات ملنے کے بعد وہ اس غیر معمولی حد تک طویل سانپ کی تلاش میں نکلے تھے، جسے انہوں نے 'ابیو بیرن' یا 'دی بیرونیس' کا نام دیا۔ عام طور پر ریٹیکولیٹڈ پائتھن بالغ ہونے پر 9 فٹ 10 انچ سے لے کر 19 فٹ 2 انچ تک لمبا ہوتا ہے۔

سعودی عرب کا اونٹوں کو پاسپورٹ جاری کرنے کا اعلان

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب نے ملک میں موجود لاکھوں اونٹوں کو پاسپورٹ جاری کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد مملکت کے قیمتی اونٹوں کے ریوڑوں کا بہتر انتظام کیا جانا ہے۔ اے ایف پی کے مطابق وزارتِ ماحولیات، پانی اور زراعت کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے اس شعبے میں پیداواری صلاحیت اور کارکردگی میں اضافہ ہوگا اور اونٹوں سے متعلق ایک قابلِ اعتماد ڈیٹا بیس تیار کیا جاسکے گا۔ منگل کے روز وزارت کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری کی گئی ایک پوسٹ میں اس پاسپورٹ کی تصویر بھی شامل کی گئی، جو سبز رنگ کا ہے، جس پر سعودی قومی نشان اور سنہری رنگ میں اونٹ کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ 2024 کے اعداد وشمار کے مطابق مملکت میں اونٹوں کی تعداد تقریباً 22 لاکھ ہے۔ اونٹ صدیوں سے عرب دنیا میں نقل وحمل کا ایک اہم ذریعہ رہے ہیں، جبکہ یہ جانور اپنے مالکان کے لیے وقار اور سماجی حیثیت کی علامت بھی سمجھے جاتے ہیں۔ اسی روایت نے ایک منافع بخش افزائشی صنعت کو جنم دیا ہے۔ سعودی عرب میں ہر سال منعقد ہونے والے تہواروں کے دوران اونٹوں کے حُسن کے مقابلے بھی منعقد کیے جاتے ہیں، جہاں شوقین افراد اپنے اونٹوں پر لاکھوں ڈالر خرچ کرتے ہیں۔



شوبز کے لوگ اداکاراؤں پر کالا جادو کرانے کیلیے آتے ہیں، ماہر نجوم کا دعویٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی اداکار اور ماہرِ نجوم راجہ حیدر نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے بعض افراد معروف اداکاراؤں، خصوصاً ڈرامہ ہیروئنز، کے خلاف کالا جادو کروانے کے لیے ان سے رابطہ کرتے رہے ہیں۔ مشک اور جانِ جہاں جیسے ڈراموں میں اداکاری کرنے والے راجہ حیدر نجوم سے متعلق مشوروں کے لیے اپنا یوٹیوب چینل بھی چلاتے ہیں۔

گہرے سمندر میں نایاب دیوہیکل جیلی فش کی دریافت، ماہرین حیران

ارجنٹینا (مانیٹرنگ ڈیسک) ارجنٹینا کے ساحل کے قریب ہونے والی ایک سائنسی مہم کے دوران محققین نے گہرے سمندر میں پائی جانے والی ایک نہایت نایاب اور دیوہیکل جیلی فش کی شاندار ویڈیو ریکارڈ کرلی ہے۔ اس مخلوق کو ''جائنٹ فینٹم جیلی فش'' کہا جاتا ہے، جبکہ اس کا سائنسی نام gigantea Stygiomedusa ہے۔ شمڈٹ اوشن انسٹی ٹیوٹ کے مطابق یہ جیلی فش سطحِ سمندر سے تقریباً 820 فٹ نیچے دیکھی گئی اور اس کی لمبائی ایک اسکول بس جتنی ہوسکتی ہے۔

سام سنگ نے اپنے مشہور فون کی اپ ڈیٹس بند کردیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) لاکھوں صارفین کے زیرِ استعمال ایک مشہور موبائل فون کے لیے اپ ڈیٹ جاری کرنا بند کردی گئی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق 2021 میں متعارف کرائے گئے گلیکسی ایس 21 سیریز کے لیے اب سام سنگ کی جانب سے سیکیورٹی اپ ڈیٹس جاری نہیں کی جائیں گی۔ ڈیوائس متعارف کراتے وقت سام سنگ نے وعدہ کیا تھا کہ کمپنی چار برس تک اہم اینڈرائیڈ اپ گریڈ اور پانچ برس تک سیکیورٹی اپ ڈیٹس جاری کرے گی اور اب وہ وقت آگیا ہے جب کمپنی یہ اپ ڈیٹس جاری کرنا بند کردے گی۔ ٹیک ریڈار کے مطابق سام سنگ نے اپنا آفیشل سیکیورٹی اپ ڈیٹ ویب پیج اپ ڈیٹ کرتے ہوئے گلیکسی ایس 21، گلیکسی ایس 21 پلس اور گلیکسی ایس 21 الٹرا اپنی تمام فہرستوں سے ہٹادیا ہے۔ اپ ڈیٹس نہ ملنے کا مطلب ہے کہ اب فون کو نئے سافٹ ویئر یا کسی سافٹ ویئر میں بہتر فیچرز موصول نہیں ہوسکیں گے۔ جبکہ سیکیورٹی اپ ڈیٹس کے نہ ملنے سے فون جعلسازوں اور ہیکرز کے لیے آسان ہدف بن سکے گا۔

ماہرین نے ممکنہ نئی عالمی وباء سے متعلق خدشہ ظاہر کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ماہرین نے خدشے کا اظہار کیا ہے کہ مہلک چیچک (اسمال پاکس) آئندہ عالمی وباء کے پھوٹنے کا سبب بن سکتی ہے۔ تیزی سے پھیلنے والے اس وائرس (جس کو طب کے میدان میں ویریولا کہا جاتا ہے) کو عالمی ادارہ صحت کی جانب سے عالمی سطح پر ویکسینیشن کے بعد 1980 میں ختم کردیا گیا تھا۔ آج کی تاریخ میں یہ وائرس انتہائی محتاط سیمپلز کی صورت میں ہائی سیکیورٹی لیبارٹریز میں رکھا ہوا ہے اور ان کی تعداد بہت تھوڑی ہے۔ تاہم، سائنس دانوں نے اب خبردار کیا ہے کہ چیچک کو دنیا سے ختم کرنے سے لوگوں میں دیگر پاکس وائرسز کے خلاف مدافعت میں کمی واقع ہوئی ہے۔

رمضان المبارک: دنیا کے کن ممالک میں روزے سب سے طویل ہوں گے؟

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رمضان المبارک 2026 کی آمد میں صرف چند دن باقی رہ گئے ہیں اور دنیا بھر میں روزوں کے دورانیے کے حوالے سے تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ مختلف ممالک میں دن اور رات کے فرق کے باعث روزے کے اوقات میں نمایاں فرق دیکھنے کو ملے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شمالی ممالک جیسے روس کے شمالی حصے، گرین لینڈ، آئس لینڈ، ناروے، سویڈن اور فن لینڈ میں روزے کا دورانیہ 16 گھنٹے سے زیادہ ہوسکتا ہے جبکہ بعض علاقوں میں یہ مدت 20 گھنٹے تک بھی پہنچ سکتی ہے۔ دوسری جانب جنوبی اور معتدل خطوں میں روزے کا دورانیہ نسبتاً کم رہے گا۔ برازیل، جنوبی افریقہ، چلی، نیوزی لینڈ، انڈونیشیا، ملائیشیا اور کینیا جیسے ممالک میں روزے کا دورانیہ 11 سے 14 گھنٹے کے درمیان متوقع ہے۔ علمائے کرام کے مطابق ایسے علاقوں میں جہاں دن یا رات غیر معمولی طور پر طویل یا مختصر ہو، وہاں مکہ مکرمہ یا کسی قریبی معتدل شہر کے اوقات کے مطابق روزہ رکھنے کی اجازت ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رمضان المبارک 2026 کا ا؟غاز 19 فروری کو متوقع ہے، تاہم چاند نظر آنے کی صورت میں یکم رمضان 18 فروری کو بھی ہوسکتا ہے۔ اس سال روزوں کا دورانیہ گزشتہ سال کے مقابلے میں کچھ کم ہوگا، جس سے روزہ داروں کے لیے سہولت رہے گی۔

یونان میں کوسٹ گارڈ کا جہاز تارکین وطن کی کشتی سے ٹکرا گیا، 15 ہلاکتیں

یونان (مانیٹرنگ ڈیسک) یونان کے ساحل چیو کے نزدیک حالیہ برسوں کے دوران ملک میں ہونے والا ایک بدترین کشتی حادثہ پیش آیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یونانی کوسٹ گارڈ کا جہاز غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والی تارکین وطن کی کشتی سے ٹکرا گیا۔ یونانی کوسٹ گارڈ کے بقول تارکینِ وطن کی کشتی کی نیویگیشن لائٹس بند تھیں اور وہ کوسٹ گارڈ کے پیٹرولنگ پر مامور جہاز کے اشارات کو نظر انداز کر کے اپنا رخ بدلنے کی کوشش کررہی تھی۔ کوسٹ گارڈ کے جہاز کی شدید ٹکر کی وجہ سے تارکین وطن کی چھوٹی کشتی الٹ کر سمندر میں گر گئی اور تمام مسافر سمندر میں جا گرے۔ یونانی کوسٹ گارڈ کے بقول امدادی کاموں کے دوران 25 تارکین وطن کو بحفاظت نکال لیا گیا تاہم 14 افراد ڈوب گئے جن کی لاشیں مل گئیں۔ ایک نے اسپتال میں دم توڑا۔ ہلاک اور زندہ بچائے گئے تارکین وطن میں بڑی تعداد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ امدادی کاموں میں کوسٹ گارڈ کی 5 کشتیوں اور ایک ہیلی کاپٹر نے حصہ لیا۔ کوسٹ گارڈ حکام نے کہا کہ تقریباً 8 میٹر لمبی کشتی پر 39 سے زائد مسافر سوار تھے جو غالباً گنجائش سے زیادہ سواریوں کی وجہ سے حادثے کا شکار ہوگئی۔ یونان کے امیگریشن کے وزیر تھانوس پلیو رس نے پارلیمنٹ میں کہا کہ انسانی اسمگلروں کی وجہ سے 15 افراد ہلاک ہوئے۔ کوسٹ گارڈ نے 24 افراد کو بچایا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ ایک چھوٹی کشتی کوسٹ گارڈ کے جہاز سے کیسے ٹکرائی تو انہوں نے کہا کہ مجھے کوسٹ گارڈ کی مہارت اور باتوں پر پورا یقین ہے۔ یاد رہے کہ چیو- اور دیگر یونانی جزائر صدیوں سے مشرقِ وسطیٰ، افریقا اور ایشیا سے غیر قانونی طور پر یورپ جانے والے تارکینِ وطن اور پناہ گزینوں کے لیے ایک اہم راستہ رہے ہیں۔

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے تحت پہلی بار کوانٹم کمپیوٹنگ ہیکاتھون منعقد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے تحت ملک میں پہلی بار تین روزہ ہیکاتھون نیشنل سینٹر فار فزکس، اسلام آباد میں منعقد کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہیکاتھون کا مقصد ملک میں کوانٹم ریسرچ کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے۔ ہیکاتھون میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے کوانٹم ٹیکنالوجی پر مبنی حل کی تیاری پر کام ہورہا ہے۔ ہیکاتھون کو اقوام متحدہ اور یورپی تنظیم برائے نیوکلیئر تحقیق (سرن) کی بین الاقوامی معاونت بھی حاصل ہے۔ مقابلوں کیلئے ملک بھر سے 950 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ سخت انتخابی جانچ کے بعد 42 فائنلسٹ منتخب کیے گئے، شرکاء [illegible] قومی اور بین الاقوامی ماہرین کی نگرانی میں جدید 'کوانٹم پروسیسنگ یونٹس' استعمال کرتے ہوئے مقابلہ کریں گے۔ چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور کا کہنا تھا کہ ہیکاتھون میں شریک نوجوان پاکستان کے مستقبل کے سائنسی قائدین ہیں۔ کوانٹم ٹیکنالوجی اب ایک تصور نہیں بلکہ عملی حقیقت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عصرِ حاضر کے پیچیدہ مسائل کے حل میں کوانٹم ٹیکنالوجی کا کردار نہایت اہم ہے۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن قومی ترقی کیلئے انسانی وسائل پر بھرپور سرمایہ کاری کررہا ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	280.50 PKR	282.20 PKR
Euro	EUR	333.83 PKR	338.26 PKR
British Pound	GBP	385.04 PKR	389.51 PKR
UAE Dirham	AED	76.55 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.85 PKR	75.35 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	907.55 PKR	917.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	206.05 PKR	209.61 PKR
Australian Dollar	AUD	194.89 PKR	198.71 PKR
Omani Riyal	OMR	728.25 PKR	737.77 PKR
Japanese Yen	JPY	1.81 PKR	1.91 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	69.25 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.07 PKR	79.06 PKR
Bahrain Dinar	BHD	743.50 PKR	753.05 PKR
Thai Bhat	THB	8.50 PKR	8.85 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.15 PKR	40.25 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.47 PKR	36.35 PKR
Danish Krone	DKK	43.32 PKR	43.72 PKR
New Zealand Dollar	NZD	168.13 PKR	171.08 PKR
Singapore Dollar	SGD	220.59 PKR	225.58 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.61 PKR	27.91 PKR
Swedish Krona	SEK	30.10 PKR	30.40 PKR
Swiss Franc	CHF	362.64 PKR	367.78 PKR
Indian Rupee	INR	2.82 PKR	3.33 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 525,000	Rs. 450,110
22k	Rs. 481,244	Rs. 412,598
21k	Rs. 459,373	Rs. 393,847
20k	Rs. 437,611	Rs. 375,189
18k	Rs. 393,748	Rs. 337,583
14k	Rs. 306,259	Rs. 262,574
12k	Rs. 306,259	Rs. 225,055

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Karachi	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Lahore	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Islamabad	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Rawalpindi	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Peshawar	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Quetta	Rs. 8,437	Rs. 9,831

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 253.17 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 257.08 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	TC 61.98 ^ 1.55	PIBTL 20.63 ^ 0.33	LOTCHEM 30.51 v -0.4	CNERGY 7.6 v -0.04	FFL 20
KSE ALL SHARE	WTL 1.64 v -0.03	BOP 38.88 v -0.65	PTC 61.98 ^ 1.55	NCPL 83.06 ^ 6.61	LSEVL 10.3
KSE 30	Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v
KMI30	Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v	No Data Found. v
ALL SHARE ISLAMIC	OTCHEM 30.51 v -0.4	TELE 11.46 ^ 0.12	CNERGY 7.6 v -0.04	FFL 20.92 v -0.16	FCCL 9
BATI	MEBL 488.67 ^ 11.51	BAFL 127.34 ^ 1.61	HBL 343.9 ^ 7.01	UBL 486.92 ^ 7.92	BAHL
OGTI	2	MARI 710.07 ^ 17.92	PPL 277.34 ^ 5.19	OGDC 323.93 ^ 2.12	MARI 710.07 ^ 17.92

بقیہ 1 تجارت نیوز

کاپل قرار دیا۔شہباز شریف نے ازبک صدر کو نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) اسلام آباد کی جانب سے اعزازی پروفیسرشپ اور ڈاکٹریٹ سے نوازنے پر مبارکباد دی اور ان کی خدمات، غیر متزلزل لگن اور خطے میں امن وخوشحالی کے لیے کوششوں کو سراہا۔اس کے علاوہ، صدر شوکت مرزایوف کو نشانِ پاکستان سے بھی نوازا گیا تاکہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری میں تبدیل کرنے کی ان کی کاوشوں کو تسلیم کیا جاسکے۔تقریب میں 28 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے، جن میں دفاع، ماحولیاتی تبدیلی، آفات کے انتظام، زراعت، پھلوں کی برآمدات، کان کنی اور جیو سائنسز، سزا یافتہ افراد کی منتقلی اور منشیات کے خلاف مشترکہ کوششیں شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے دونوں ممالک کے تاریخی اور ثقافتی روابط، سلک روٹ کے قدیم تعلقات، مغل دور کی مشترکہ وراثت اور سمرقند و بخارا کے علمی خدمات کو اجاگر کیا۔انہوں نے پانچ سالہ مشترکہ ایکشن پلان کے تحت انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں نئے مواقع بروئے کار لانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ازبکستان کے صدر شوکت مرزایوف نے پاکستانی قیادت کی جانب سے دی گئی گرمجوشی اور مہمان نوازی پر اظہارتشکر کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی میں تعاون کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور تجارتی حجم بڑھانے کے لیے پروٹوکول پر دستخط کیے۔ان کے استقبال کے موقع پر نورخان ائربیس پر 21 توپوں کی سلامی، پاکستان مسلح افواج کی سلامی اور ٹرائی سروسز بینڈ کی پرفارمنس بھی شامل تھی۔ جبکہ دفترِ خارجہ کی جانب سے ازبکستان کے صدر شوکت میرضیایف کے دورے کے حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق صدر ازبکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر 5 اور 6 فروری کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔وزیراعظم شہباز شریف اور صدر میرضیایف کے درمیان جامع اور تفصیلی بات چیت ہوئی جس میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ مذاکرات کا مرکز دو طرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینا اور تزویراتی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے راستے تلاش کرنا تھا۔دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی میں معاشی تعلقات کی اہمیت کو نوٹ کیا اور اس حقیقت کو تسلیم کیا کہ ازبکستان وسطی ایشیا کا پہلا ملک ہے جس کے ساتھ پاکستان نے ٹرانزٹ ٹریڈ (راہداری تجارت) اور ترجیحی تجارتی معاہدے (پی ٹی اے) پر دستخط کیے ہیں۔دونوں رہنماؤں نے تجارتی و اقتصادی تعلقات اور صنعتی تعاون کو وسعت دینے کی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا، تاکہ دونوں ممالک کی حقیقی معاشی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھایا جاسکے اور عوام کی فلاح و بہبود میں بہتری آئے۔انہوں نے باہمی تجارت کے بڑھتے ہوئے حجم کا خیرمقدم کیا اور 2 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کا ذکر کرتے ہوئے اسے 2029 تک حاصل کرنے کے عزم کو دہرایا۔دونوں فریقوں نے ایک دوسرے کی خودمختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کی حمایت کے لیے تعاون کو جامع طور پر تیار اور مضبوط کرنے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے مختلف شعبوں میں تعاون کی موجودہ صورتحال اور مستقبل کے امکانات کے ساتھ ساتھ علاقائی امن و سلامتی، تجارت، ثقافت، سیاحت اور عوامی رابطوں سمیت باہمی دلچسپی کے اہم علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔دونوں رہنماؤں نے ازبکستان اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے گزشتہ 34 سالوں میں تعاون کی سطح پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ یہ تعلقات دوستی کے دیرینہ رشتوں اور دونوں قوموں کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور روحانی تعلقات میں مضبوطی سے جڑے ہوئے ہیں۔ جبکہ پاکستان نے یونیسکو کانفرنس کی کامیاب میزبانی پر ازبکستان کو مبارکباد دی۔ ازبکستان نے 2026-2027 کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی سربراہی کے لیے پاکستان کی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔علاقائی صورتحال پر بات کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ دیرینہ تنازعات کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق پرامن مذاکرات ضروری ہیں۔افغانستان کے حوالے سے انہوں نے زور دیا کہ افغان سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے اور دہشت گرد تنظیموں کے خاتمے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔دونوں فریقوں نے فلسطین کے عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد اور 1967 سے قبل کی سرحدوں کے مطابق ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا۔صدر میرضیایف نے پاکستانی عوام کی گرمجوشی اور مہمان نوازی کا شکریہ ادا کیا اور وزیراعظم شہباز شریف کو ازبکستان کے دورے کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کرلیا۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

اعتماد کا اظہار کیا کہ مستقل ادارہ جاتی ہم آہنگی اور نجی شعبے کی شمولیت آنے والے سالوں میں دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ کرے گی۔ملاقات میں پاکستان اور وسطی ایشیا کے درمیان رابطوں کی رکاوٹوں کو دور کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے عملی حل تلاش کرنے پر تفصیلی غور کیا گیا۔دونوں ممالک نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ریل، سڑک اور کثیر المقاصد رابطوں میں بہتری پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارت کو مضبوط بنانے اور پائیدار وطویل مدتی اقتصادی تعاون کوممکن بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔قازق وزیر نے بڑے انفرااسٹرکچر منصوبوں، بالخصوص ریلوے اور روڈ راہداریوں کی ترقی کی تزویراتی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے اس بات پر بھی نوٹ کیا کہ اس طرح کے اقدامات سے تقریباً 5 ارب امریکی ڈالر مالیت کی تجارت اور سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوسکتی ہے، جبکہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور علاقائی سپلائی چینز کو بھی استحکام ملے گا۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

کی درخواست پر ہم نے فوری طور پر امریکہ اور بھارت کے درمیان تجارتی معاہدے پر اتفاق کرلیا ہے، جس کے تحت بھارت پر عائد ٹیرف کو کم کرکے 18 فیصد کیا جارہا ہے۔وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا کہ امریکہ، روسی تیل کی خریداری کی پاداش میں بھارتی درآمدات پر عائد 25 فیصد ڈیوٹی کو منسوخ کررہا ہے جو پہلے سے نافذ العمل 25 فیصد باہمی ٹیرف کے علاوہ لگائی گئی تھی۔ٹرمپ نے کہا کہ بھارتی وزیر اعظم مودی نے 500 ارب ڈالر سے زائد مالیت کی امریکی توانائی، ٹیکنالوجی اور دیگر اشیا خریدنے پر اتفاق کیا ہے۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں کہا کہ آج اپنے عزیز دوست صدر ٹرمپ کے ساتھ بات کرکے بہت خوشی ہوئی۔ مجھے یہ جان کر بے حد مسرت ہوئی ہے کہ اب میڈ ان انڈیا مصنوعات پر ٹیرف کم ہوکر 18 فیصد رہ جائے گا۔اس خبر کے سامنے آتے ہی امریکہ میں لسٹڈ بڑی بھارتی کمپنیوں کے حصص میں تیزی دیکھی گئی۔ دوپہر کے کاروبار کے دوران آئی ٹی فرم انفوسس کے حصص میں 3.53 فیصد، وپرو میں 7 فیصد اور ایچ ڈی ایف سی بینک میں 3.4 فیصد اضافہ ہوا جبکہ آئی شیئرز ایم ایس سی آئی انڈیا ای ٹی ایف میں 3.3 فیصد کی بہتری ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

کاٹیج انڈسٹریز کے پٹیشنر سے بات چیت کررہے تھے۔یہ میٹنگ سندھ ہائیکورٹ کے جسٹس عدنان اور جسٹس عبدالمبین لاکھو کے حکم پر منعقد کی گئی، میٹنگ میں کے ایم سی کے لینڈ ڈائریکٹر اطہر نقوی اسسٹنٹ کمشنر ڈسٹرکٹ ملیر امیر اور لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کے پٹیشنر اور آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کے صدر محمود حامد سینئر وائس چیئرمین محمد رضوان وائس چیئرمین اقبال احمد جنرل سیکرٹری ایوب خان فنانس سیکرٹری اشرف علی شیخ محمد اسحاق اور سیکنڈ پٹیشنر نسرین ابونصر محمد اقبال ایڈوکیٹ اور محمد عاقل موجود تھے۔اس موقع پر سینئر ممبر ریونیو بورڈ خالد حیدر شاہ نے پٹیشنر پر واضح کیا کہ ریونیو بورڈ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آباد کاری چاہتا ہے۔اسی لیے وہ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی زمین کے ایم سی کے حوالے کرچکا ہے 15 ایکڑ زمین جو غلطی سے دوسری پارٹی کو ٹرانسفر ہوگئی تھی، میں اسے بھی کینسل کررہا ہوں۔میٹنگ میں اسمال ٹریڈرز کے صدر اور پٹیشنر محمود حامد نے الاٹیز کا موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کا مسئلہ 33 سال سے التوا کا شکار ہے۔یہ ایک انسانی مسئلہ ہے یہ اسکیم کے ایم سی نے بیروزگار نوجوانوں کے لیے اناؤنس کی تھی۔جس 25 سالہ نوجوان نے 1993 میں یہ پلاٹ خریدا تھا اس نوجوان کی عمر اب 68 سال ہوچکی ہے۔وہ جوان بڑھاپے کی دہلیز پر پہنچ چکا ہے اس بڑھاپے میں وہ کیا کرے گا اور کتنے ہی الاٹیز پلاٹوں کے انتظار میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔اگر یہ انڈسٹریز مقررہ وقت پر آباد ہوجاتی تو اس میں 23 ہزار سے زائد لوگوں کو روزگار مل جاتا، ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بیروزگاری ہے۔کاٹیج انڈسٹریز میں روزگار سے لگے ہوئے لوگ ڈیڑھ سے دو لاکھ افراد کی کفالت کر رہے ہوتے انہوں نے درخواست کی کہ ریونیو بورڈ ہائی کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور صاحب کے حکم کے مطابق زمین کے سروے کی رپورٹ جلد از جلد ہائی کورٹ میں جمع کرادے۔آپ کی باتوں سے ہمیں حوصلہ ملا ہے کاٹیج انڈسٹریز کی آبادکاری کے لیے آپ کے دوٹوک اعلان سے امید کی نئی کرن روشن ہوئی ہے۔اس موقع پر جنرل سیکرٹری ایوب خان نے تصاویر کی مدد سے سینئر ممبر ریونیو بورڈ کو لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی زمین کی تازہ ترین پوزیشن دکھائی۔سینئر وائس چیئرمین محمد رضوان نے ممبر ریونیو بورڈ سے درخواست کی کہ وہ مظلوم الاٹیز کے ساتھ ہمدردی کا سلوک کریں۔شیخ محمد اسحاق نے کہا کہ آپ کا تعاون ہزاروں لوگوں کے روزگار کا باعث بنے گا اور آپ کو ان مظلوموں کی دعائیں ملیں گی۔سیکنڈ پٹیشنر نسرین ابونصر نے اس موقع پر کے ایم سی کے افسران کی ہٹ دھرمی کرپشن اور غفلت پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا لینڈ ڈائریکٹر کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آبادکاری میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔اس موقع پر موجود الاٹیز نے خالد حیدر شاہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ کے دوٹوک اعلان سے اب ہماری کاٹیج انڈسٹری کی آبادکاری میں بڑی رکاوٹ ختم ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی بحالی کے لیے پٹیشن نمبر 5909/21 محمود حامد اور محمد ایوب نے داخل کی ہے جبکہ دوسری پٹیشن نسرین ابونصر نے داخل کی ہے اور تیسری پٹیشن محمد عاقل نے ہائی کورٹ میں داخل کی ہے۔سینئر ممبر ریونیو بورڈ کی یقین دہانی پر لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کے الاٹیز میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز ایکشن کمیٹی کی قیادت کی جدوجہد دانشمندانہ حکمت عملی کو سراہا۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

حامل فی تولہ سونے کی قیمت بھی 21 ہزار 400 روپے کی کمی سے 5 لاکھ 7 ہزار 762 روپے کی سطح پر آگئی جب کہ فی 10 گرام سونے کی قیمت 18 ہزار 347 روپے گھٹ کر 4 لاکھ 35 ہزار 324 روپے کی سطح پر آگئی۔اسی طرح ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت 1430 روپے کی کمی سے 7 ہزار 825 روپے کی سطح پر آگئی جب کہ فی 10 گرام چاندی کی قیمت 1226 روپے کی کمی سے 6 ہزار 708 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

مطابق حالیہ ٹیکسٹ پیغامات بھیجنے کا مقصد آگاہی فراہم کرنا اور ٹیکس دہندگان میں رضاکارانہ تعمیل کو فروغ دینا تھا۔ایف بی آر کے مطابق ان پیغامات میں استعمال ہونے والی معلومات صرف متعلقہ ٹیکس دہندہ کے اپنے مالی پروفائل سے متعلق ہوتی ہیں اور یہ معلومات صرف اسی فرد کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں جس سے ان کا تعلق ہو۔ان پیغامات کی ترسیل میں کسی تیسرے فریق کو شامل نہیں کیا جاتا اور تمام رابطہ کاری محفوظ سرکاری ذرائع سے کی جاتی ہے۔ذرائع کے مطابق بریفنگ میں مزید کہا گیا ہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت ایف بی آر کو ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور تعمیل بہتر بنانے کے لیے مختلف اداروں سے تھرڈ پارٹی ڈیٹا حاصل کرنے کا قانونی اختیار حاصل ہے۔اس ضمن میں سیکشن 165 اے کے تحت تمام بینکنگ کمپنیوں کو مقررہ حد سے زائد جمع رقوم، نکلوانے اور ادائیگیوں سے متعلق معلومات بورڈ کو فراہم کرنے کا پابند بنایا گیا ہے۔اسی طرح سیکشن 175 اے کے تحت نادرا، ایف آئی اے، اسٹیٹ بینک، صوبائی لینڈ اتھارٹیز، بجلی اور گیس یوٹیلیٹیز سمیت نامزد اداروں کے ڈیٹا بیس تک براہ راست رسائی فراہم کی جاتی ہے، جو سیکشن 216 کے تحت رازداری کے اصولوں کے پابند ہوتے ہوئے صرف ٹیکس مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ایف بی آر کا کہنا ہے کہ تمام ڈیٹا اس کے محفوظ نظام میں رکھا جاتا ہے اور قانون اور ڈیٹا تحفظ کے اصولوں کے مطابق صرف رسک بیسڈ تجزیے اور ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ادارے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ شہریوں کے مالی رازداری کے حق سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور ڈیٹا سیکیورٹی اور رازداری کے اعلیٰ ترین معیار کو یقینی بناتا ہے۔ایف بی آر کے مطابق مذکورہ پیغامات مالی رازداری کی خلاف ورزی نہیں بلکہ رضاکارانہ تعمیل کو مضبوط بنانے اور ٹیکس دہندگان کو ان کی اپنی مالی معلومات سے باخبر رکھنے کی کوشش کا حصہ ہیں۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

لیکن اس کے نفاذ نے صنعتوں اور وسیع تر معیشت پر اضافی دباؤ ڈال دیا ہے۔ایف بی آر نے کمیٹی ارکان کو وضاحت دی کہ اس عمل کے نفاذ کے دوران ٹیکس دہندگان کو غیر ضروری مشکلات سے بچانے کیلئے پہلے ہی ہدایات جاری کی جاچکی ہیں۔رپورٹ کے مطابق وہ کمپنیاں جو اپنے کھاتوں کا باقاعدہ آڈٹ کرواتی ہیں، انہوں نے حالیہ برسوں میں اس ٹیکس کی ادائیگی کے لیے پہلے ہی رقم مختص کررکھی ہے اور حکام نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وصولی کے اقدامات کے نتیجے میں کسی بھی کاروبار کو بند ہونے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق کمیٹی کو مزید وضاحت دی گئی کہ وصولیوں کے حوالے سے رپورٹ کردہ 300 ارب روپے کے اعداد وشمار درست نہیں ہیں، بلکہ اصل رقم 217 ارب روپے کے قریب ہے۔ یہ معاملہ کئی سالوں سے قانونی چارہ جوئی میں الجھا ہوا تھا اور اس دوران مختلف عدالتوں میں درجنوں سماعتیں ہوئیں۔ٹیکس دہندگان کو بھیجے گئے نوٹسز پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا جن میں بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے اور گرفتاریوں کی وارننگ دی گئی تھی۔ کاروباری نمائندوں نے موقف اختیار کیا کہ اس طرح کے اقدامات ہراساں کرنے کے مترادف ہیں اور اس سے سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوسکتی ہے۔انہوں نے تجویز دی کہ فوری ادائیگی کا مطالبہ کرنے کے بجائے وصولی کو دو سے تین سال کی مدت پر تقسیم کیا جائے۔اس کے جواب میں کمیٹی نے کاروبار دوست پالیسیوں کی ضرورت پر زور دیا اور سفارش کی کہ ٹیکس دہندگان کو سہولتیں فراہم کی جائیں۔ایف بی آر نے ایک بار پھر اپنے اس عزم کو دہرایا کہ وہ اقساط کی بنیاد پر ادائیگیوں کی اجازت دینے کے لیے تیار ہے جبکہ وزارتِ خزانہ نے یقین دہانی کرائی کہ آئندہ بجٹ کے مذاکرات کے دوران اس معاملے پر مزید غور کیا جائے گا۔سینیٹر شیری رحمان نے سپر ٹیکس کی اچانک اور فوری وصولی پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔چیئرمین ایف بی آر نے وضاحت کی کہ ایف بی آر پہلے ہی اپنی فیلڈ فارمیشنز (علاقائی دفاتر) کو ہدایات جاری کرچکا ہے جن میں کہا گیا ہے کہ سپر ٹیکس کی وصولی کے دوران ٹیکس دہندگان کو نفاذ کے حوالے سے کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے واضح کیا کہ یہ ممکن نہیں کہ ایک مخصوص ٹیکس ادا کرنے والے ٹیکس دہندگان کو اچانک روک دیا جائے یا (ان کا کام) بند کردیا جائے۔ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے، لیکن ہم سپر ٹیکس ضرور وصول کریں گے۔ہم کاروبار اور تجارت کی مخصوص صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکس اقساط میں وصول کرسکتے ہیں۔انہوں نے اس موقف کو برقرار رکھا کہ سالانہ آڈٹ شدہ کھاتے رکھنے والی کمپنیوں نے گزشتہ چند سالوں سے سپر ٹیکس کے لیے پہلے ہی رقم مختص کررکھی ہے۔انہوں نے بیان کیا کہ سپر ٹیکس کا مقدمہ طویل عرصے سے عدالتوں میں زیر التوا تھا۔ اس سلسلے میں سپر ٹیکس پر 45 سماعتیں ہوئیں اور 17 سماعتیں فیڈرل کانسٹیٹیوشنل کورٹ (وفاقی آئینی عدالت) میں ہوئیں۔جب ان سے سپر ٹیکس ادا کرنے کے پابند ٹیکس دہندگان کی تعداد کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ سینکڑوں ٹیکس دہندگان کے لیے سپر ٹیکس کی ادائیگی لازمی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایف بی آر نے فیڈرل آئینی عدالت کے فیصلے کی روشنی میں سپر ٹیکس کی وصولی کے لیے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ذرائع کے مطابق سینیٹر شیری رحمان نے تحفظات کا اظہار کیا کہ اگرچہ عدالتوں نے سپر ٹیکس کو پارلیمنٹ کے دائرہ اختیار میں قرار دیا ہے، لیکن اس لیوی (ٹیکس) نے کاروباری اداروں اور عوام پر دباؤ بڑھا دیا ہے۔ سینیٹر عبدالقادر نے بھی ان خدشات کی تائید کرتے ہوئے ڈبل سپر ٹیکس کے خلاف خبردار کیا اور الزام لگایا کہ ایف بی آر نے ٹیکس کی تعمیل کروانے کے لیے گرفتاری کی دھمکیوں کا استعمال شروع کردیا ہے۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

توسیکرٹری خزانہ نے جواب دیا کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے اور کہا کہ یہ سوال مناسب نہیں ہے۔ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ پانڈا بانڈز رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں جاری کیے جائیں گے اور ان کے اجرا سے متعلق معاملات طے کیے جارہے ہیں، محمد اورنگزیب نے کہا کہ این ایف سی پر بات چیت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنیکل کمیٹی کے تین سے چار اجلاس منعقد ہونے کے بعد باقاعدہ اجلاس بلایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

ڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ اسکرینز کو نامعلوم افراد نے ہیک کرکے کچھ دیر کیلئے غیر اخلاقی مواد نشر کردیا، جس کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔یہ واقعہ عبدالستار ایونیو پر پیش آیا جہاں بڑی اسکرینز پر چلنے والا متنازع مواد دیکھ کر شہریوں نے ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کیں، جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئیں۔اطلاع ملتے ہی متعلقہ ادارے متحرک ہوئے اور فوری طور پر متاثرہ اسکرینز کو بند کردیا گیا تاکہ مزید کسی قسم کا مواد نشر نہ ہوسکے۔حکام کے مطابق احتیاطی اقدام کے طور پر ڈی ایچ اے کی دیگر اہم شاہراہوں کے ساتھ ساتھ شاہراہِ فیصل اور کارساز روڈ پر نصب متعدد ڈیجیٹل اسکرینز کو بھی عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے، جبکہ سسٹمز کا سیکیورٹی آڈٹ بھی شروع کردیا گیا ہے۔واقعے کی تحقیقات کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی اور سائبر کرائم یونٹ نے مشترکہ طور پر کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ اسکرینز کو ہیک کرنے میں ملوث افراد کی شناخت کیلئے تکنیکی شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں اور ڈیٹا لاگز سمیت دیگر ڈیجیٹل ریکارڈز کا جائزہ لیا جارہا ہے تاکہ ذمے دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

۔اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ سرکاری ذخائر کا حجم 30 جنوری کو 16 ارب 15 کروڑ 72 لاکھ ڈالر کی سطح پر آگیا ہے، جس کے بعد سرکاری ذخائر کی مجموعی مالیت 21 ارب 33 کروڑ 87 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بتایا کہ کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 18 کروڑ 15 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

جنوری میں پاکستان کی برآمدات پہلی بار تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے 3 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس کے اعداد وشمار کے مطابق برآمدات میں تاریخ ساز اضافہ اور درآمدات میں نمایاں کمی سے تجارتی خسارہ کم ہوا۔جنوری میں برآمدات 3 ارب ڈالر تک پہنچیں جبکہ درآمدات کم ہوکر تقریباً ساڑھے 5 ارب ڈالر رہیں۔ماہانہ بنیاد پر برآمدات میں تقریباً 35 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا اور درآمدات میں تقریباً 5 فیصد کمی سے تجارتی خسارہ نمایاں طور پر محدود رہا۔ مالی سال کے پہلے سات ماہ میں مجموعی برآمدات 18 ارب ڈالر اور درآمدات 40 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

پیداوار ہوئی ہے، پنجاب حکومت اور قازقستان کے درمیان زرعی اشتراک کی عملی کاوشیں جاری ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آلو کی ریکارڈ پیداوار ضائع ہونے سے بچانے کے لیے وزیراعظم پاکستان سے ایکسپورٹ کی اجازت طلب کرلی۔ پاکستان میں موجود قازقستان کے اعلیٰ سطح وفد اور پنجاب حکومت کے مابین آلو کی برآمد کے لئے آج اہم پیش رفت متوقع ہے۔پنجاب حکومت کے آلو ایکسپورٹ کے لئے موثر اقدامات یقینی بنانے کے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے ہیں، آلو کے نرخ میں استحکام اور کاشتکاروں کو مناسب معاوضہ کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے نئی ایکسپورٹ مارکیٹ تک رسائی کے لئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

کو بھی شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔محمد اکرام راجپوت نے کہا کہ سپر ٹیکس کے نفاذ کے بعد سے صنعتوں کیلئے ٹیکس کی شرح 50 فیصد سے تجاوز کرچکی ہے، ان حالات میں کاروبار کرنا ناممکن ہوچکا ہے، جبکہ مہنگی بجلی اور گیس سے پیداواری لاگت بھی خطے میں سب سے زیادہ ہے۔انہوں نے وفاقی حکومت پر زور دیا کہ وہ اس فیصلے پر نظر ثانی کرے اور صنعت و تجارت کو ریلیف فراہم کرے۔صدر کاٹی نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت اور ملک بھر کی تجارتی و صنعتی تنظیموں کے درمیان فوری اور سنجیدہ مذاکرات کیے جائیں، تاکہ ایک ایسا قابل عمل اور صنعت دوست طریقہ کار وضع کیا جاسکے جس کے تحت 4 سال کے واجبات کی یکمشت ادائیگی کی بجائے تین سے چار سال کی مدت میں آسان اقساط کے ذریعے وصولی ممکن بنائی جائے، یا 25 فیصد ایڈوانس پر خصوصی رعایت دی جائے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

لیبیائی عرب مسلح افواج، اور لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر، ڈپٹی کمانڈر ان چیف لیبیائی عرب مسلح افواج شامل تھے۔ملاقات کے دوران دونوں جانب نے باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا اور مسلسل مکالمہ اور رابطے کی اہمیت پر زور دیا۔اجلاس میں ان شعبوں میں تعاون بڑھانے کی مشترکہ خواہش پر روشنی ڈالی گئی جن میں امن، استحکام اور ترقی کو فروغ دینا شامل ہے، چاہے وہ علاقائی ہو یا عالمی سطح پر۔لیبیائی قیادت نے بین الاقوامی امور میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی اور دوطرفہ تعاون کو بڑھانے میں شدید دلچسپی کا اظہار کیا۔بات چیت کا اختتام اس بات پر ہوا کہ دونوں ممالک قریبی رابطہ برقرار رکھیں گے اور مستقبل میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کریں گے۔ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی شریک تھے

بقیہ 15 تجارت نیوز

ہے۔ان خیالات کا اظہار سندھ پولیس کے سابق انسپکٹر جنرل غلام نبی میمن نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کی جانب سے اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر محمد طلحہ علی، سی پی ایل سی کے چیف زبیر حبیب، کائیٹ لمیٹڈ کے چیئرمین زاہد سعید، سی ای او سلیم الزماں، کاٹی کے سابق چیئرمین و صدور فرحان الرحمان، مسعود نقی، سید جوہر علی قندھاری، احتشام الدین، فرخ مظہر، راشد صدیقی، شیخ عمر ریحان، طارق ملک، لیدر ایسوسی ایشن کے چیئرمین دانش امان سمیت دیگر ممتاز صنعتکاروں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کرتے ہوئے سابق انسپکٹر جنرل غلام نبی میمن کو خراجِ تحسین پیش کیا۔غلام نبی میمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاٹی کی جانب سے جس محبت، خلوص اور عزت سے انہیں مدعو کیا گیا، وہ ان کے لیے باعثِ افتخار ہے۔انہوں نے کراچی کی صنعتکار برادری خصوصاً کاٹی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ کاٹی نے ہمیشہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت کردار ادا کیا۔ سابق آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان مضبوط تعلق ہی ایک مستحکم اور خوشحال معاشرے کی ضمانت ہے۔انہیں خوشی ہے کہ ان کے دور میں پولیس اور صنعتکار برادری کے درمیان باہمی اعتماد، مؤثر رابطہ اور تعاون کو فروغ ملا، جس کے مثبت نتائج سب کے سامنے ہیں۔اس موقع پر کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت نے کہا کہ آج ہم ایک ایسی شخصیت کے اعزاز میں جمع ہیں جنہوں نے اپنے دورِ قیادت میں نہ صرف سندھ پولیس کی مؤثر سربراہی کی بلکہ صوبے میں امن وامان کے قیام، قانون کی بالادستی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ غلام نبی میمن کا دور ایسے وقت میں رہا جب سندھ بالخصوص کراچی کو سیکیورٹی، جرائم اور معاشی سرگرمیوں کے تحفظ جیسے بڑے چیلنجز درپیش تھے۔ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، اصول پسندی اور غیر جانبدارانہ قیادت نے پولیس فورس کے مورال کو بلند کیا اور عوام کے اعتماد میں اضافہ کیا۔ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا نے کہا کہ غلام نبی میمن کے دور میں پولیس اور صنعتکاروں کے درمیان روابط مضبوط ہوئے، مشاورت کے کلچر کو فروغ ملا اور صنعتی علاقوں خصوصاً کورنگی انڈسٹریل ایریا میں سیکیورٹی کے معاملات پر مؤثر توجہ دی گئی۔ان کی قیادت میں سندھ پولیس نے جرائم کے خلاف مؤثر اقدامات کے ساتھ ساتھ جدید پولیسنگ، ٹیکنالوجی کے استعمال اور میرٹ کی بنیاد پر فیصلوں کو فروغ دیا۔سی پی ایل سی کے چیف زبیر حبیب نے بھی غلام نبی میمن کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات سندھ کے عوام، پولیس فورس اور کاروباری برادری کے لیے ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

2026 ہے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عازمین حج موبائل ایپ "سعودی ویزا بائیو" کے ذریعے گھر بیٹھے فنگر پرنٹ مکمل کریں جبکہ عازمین کی سہولت کے لیے تاشیر سینٹرز بھی ہفتہ اور اتوار صبح نو سے شام پانچ بجے تک کھلے رہیں گے۔وزارت مذہبی امور نے مشورہ دیا ہے کہ عازمین رش سے بچنے کے لیے سعودی ویزا بائیو ایپ سے ہی فنگر پرنٹس مکمل کریں جبکہ 80 سال سے زائد عمر کے افراد کو بائیو میٹرک کی چھوٹ حاصل ہے۔ترجمان وزارت مذہبی امور نے واضح کیا ہے کہ بائیو میٹرک کے بغیر حج ویزا نہیں لگے گا۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

میں کیے گئے جس کی صدارت نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کی۔ اجلاس میں مختلف سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کے عمل کا جائزہ لیا گیا۔سرکاری بیان کے مطابق کابینہ کمیٹی نے نجکاری کمیشن کے اس فیصلے کی منظوری دی کہ ایچ بی ایف سی کی نجکاری کے لیے دوسرا مرحلہ شروع کیا جائے۔ اس کے علاوہ اسلام آباد ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ کو بھی نجکاری کمیشن کے ذریعے شامل کرنے کی سفارش کی گئی۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

تیز کیمروں کے حامل ڈرونز کو تلاش و بچاؤ آپریشنز کیلیے استعمال کرنے کا فیصلہ کرلیا، 200 ناٹیکل مائل (360 کلومیٹر) کی دوری پر حادثات کی کڑی نگرانی اور سمندر میں درپیش صورتحال کی فوری وڈیوز کی ترسیل کے علاوہ آپریشن ٹیمز کی رہنمائی اور ڈوبنے والے افراد کو لائف سیونگ جیکٹ اور فلوٹنگ بکس بھی پہنچائے جاسکیں گے، بغیر پائلٹ ڈرونز کی پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے بحری میں شمولیت رواں سال کے آخر تک ہوجائیگی، ڈپٹی ڈی جی ایم ایس اے کموڈور سید نعمان علی بکیراں نے بتایا کہ میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے انتہائی برق رفتار، جدید کیمروں اور جدید سینسرز سلیس ڈرونز کو سرچ اینڈ ریسکیو آپریشنز میں استعمال کرنیکا فیصلہ کرلیا، بغیر پائلٹ کا فضائی جہاز ایک ایسا طیارہ یا ڈرون ہوتا ہے جسے اندر بیٹھا ہوا پائلٹ نہیں اڑاتا بلکہ یہ اڑان ریموٹ کنٹرول یا کمپیوٹر سسٹم کے علاوہ آٹو پائلٹ یعنی خودکار نظام کے تحت چلتا ہے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

جاسکیں اور عازمین کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔وزارتِ حج وعمرہ کا کہنا ہے کہ بیرونِ ملک سے آنے والے عازمین کے لیے فراہم کی جانے والی تمام خدمات کے سو فیصد معاہدے مکمل کرلیے گئے ہیں۔اسی طرح مکہ مکرمہ میں عازمین کی رہائش سے متعلق تمام معاہدے نسک پلیٹ فارم کے ذریعے طے پاچکے ہیں۔سعودی حکام کے مطابق اب تک 7 لاکھ 50 ہزار عازمین کی رجسٹریشن مکمل ہوچکی ہے، جبکہ 30 ہزار عازمین اپنے اپنے ممالک سے براہِ راست حج پیکیج بھی بک کروا چکے ہیں۔وزارت نے مزید بتایا کہ ویزوں کے اجرا کا یہ ابتدائی مرحلہ حج 2026 کے لیے پیشگی منصوبہ بندی کی عکاسی کرتا ہے، جس کا مقصد حج انتظامات کو مزید منظم بنانا اور دنیا بھر سے آنے والے لاکھوں عازمین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

طرفہ قرضوں پر مشتمل ہے۔جبکہ گزشتہ چند سالوں میں پاکستان کے بیرونی قرضے اور واجبات 130 ارب ڈالر کے لگ بھگ رہے ہیں، جس کی بنیادی وجہ دیگر کرنسیوں (جیسے یورو، جاپانی ین اور برطانوی پاؤ؟نڈ وغیرہ) کے مقابلے میں امریکی ڈالر کا مستحکم ہونا تھا۔تاہم گزشتہ چند دنوں میں امریکی ڈالر کی قدر میں کمی آنا شروع ہوئی ہے، جس سے یہ امکان پیدا ہوگیا ہے کہ اگر کرنسیوں میں حالیہ رجحان برقرار رہا تو رواں سہ ماہی میں پاکستان کا قرض اور جی ڈی پی کا تناسب تیزی سے بڑھ سکتا ہے۔تاہم وزارت خزانہ نے پارلیمنٹ میں پیش کی جانے والی قرض کی پالیسی سے متعلق رپورٹ میں بتایا ہے کہ جون 2025 کے اختتام تک پاکستان کے بیرونی قرضے سالانہ بنیادوں پر 6 فیصد اضافے کے ساتھ 91.8 ارب ڈالر کی سطح پر آ گئے ہیں، جو کہ 5 ارب ڈالر کے اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔مالی سال 2026 کی پہلی سہ ماہی کے دوران، اس (بیرونی قرضے) میں 0.4 فیصد (0.35 ارب ڈالر) کی معمولی کمی واقع ہوئی۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

تقریب میں وزیر صنعت جام اکرام، معروف بزنس مین عارف حبیب، زبیر موتی والا سمیت دیگر صنعت کاروں اور مختلف ممالک کے سفارتکاروں نے شرکت کی۔ مائی کراچی نمائش میں پاکستانی مصنوعات کو ترجیحی طور پر پیش کیا گیا ہے مائی کراچی نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں وزیراعلیٰ سندھ نے نمائش کے منتظمین اور تاجروں کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ یہ نمائش شہر کے کاروبار، ثقافت اور کمیونٹی کی اہم تقریب بن چکی ہے، 20-21 سال قبل کراچی کے سنگین حالات میں مائی کراچی نمائش کا آغاز کیا گیا جواب اس شہر کے کلینڈر میں شامل ہوچکی ہے۔مراد علی شاہ نے کہا کہ شہر کو سانحات سے محفوظ رکھنے کے لیے حکومت کو ہر فرد کا تعاون درکار ہے، شہدائے گل پلازہ کے لیے دعاگو ہوں، کوشش کی ہے کہ گل پلازہ سانحے کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے، شہدا کے لواحقین کو ایک کروڑ روپے امدادی رقم کی تقسیم شروع ہوگئی ہے، کراچی چیمبر نے ہمیں گل پلازہ کے دکانداروں کی فہرست بنا کر دی۔ ہم نے متاثرہ دکان داروں کو 5-5 لاکھ روپے دینا شروع کیے ہیں، متاثرین کے کاروباری سامان کے نقصان کا تخمینہ لگا کر ادائیگی کریں گے، شکرگزار ہوں کہ کچھ بلڈرز نے عارضی دکانیں متاثرین گل پلازہ کو دینے میں معاونت کی، دو ماہ میں متاثرین گل پلازہ کو امدادی رقم اور متبادل جگہ دیں گے، گل پلازہ میں جتنی دکانیں تھیں اتنی ہی دکانیں بنائیں گے۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ اس سال 10 ارب روپے جون تک انڈسٹریل انفراسٹرکچر پر خرچ کریں گے، صنعتی ایسوسی ایشنز خود منصوبوں پر کام کریں، میئر کراچی کو کابینہ نے 18 ارب روپے دینے کی منظوری دی ہے، فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن سے بات کی ہے، 21 ارب روپے انفراسٹرکچرل بہتری کے لیے الگ رکھے ہیں، کراچی پاکستان کا مالی وتجارتی مرکز ہے جو ملکی پیداوار کا 25 فیصد اور سندھ کی معیشت کا 90 فیصد کراچی پیدا کرتا ہے، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم شہر کی تجارتی اہمیت میں اضافہ کرتے ہیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

لاڑکانہ کی تحصیل ڈوکری کے گاؤں بہاول جت گئے، جہاں انہوں نے سیلاب سے متاثرہ گھروں کی کمیونٹی کی مدد سے تعمیر نو کا جائزہ لیا اور تباہ کن سیلاب سے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی۔بہاول جت پہنچنے پر وفد کا مقامی افراد نے پرجوش استقبال کیا۔ ورلڈ بینک کے صدر کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے بتایا کہ حکومت سندھ اور ورلڈ بینک کے مشترکہ تعاون سے گاؤں میں سیلاب سے متاثرہ 145 گھروں کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن میں سے 83 فیصد مالکانہ اسناد خواتین کو جاری کی گئی ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سندھ کی خواتین بااختیار ہورہی ہیں اور ہماری حکومت اس پروگرام کے ذریعے سماجی شمولیت کو مزید مضبوط بنارہی ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

ٹریفک نے کہا کہ کراچی میں ٹریفک کی صورتحال روز بروز سنگین ہوتی جارہی ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور حادثات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹریفک نظام کی بہتری ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ٹریفک قوانین پر بلاامتیاز عمل درآمد ناگزیر ہے۔انہوں نے افسران و جوانوں کو ہدایت دی کہ اپنی حاضری کو ہرصورت یقینی بنائیں اور فیلڈ میں فعال انداز میں فرائض انجام دیتے ہوئے نظر آئیں۔غیر حاضری یا فرائض میں غفلت کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

اور قازقستان کے تعلقات باہمی اعتماد، مشترکہ اقدار اور علاقائی خوشحالی کے مشترکہ وژن پر مبنی ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے کہا کہ صدر توکایوف کا یہ دورہ، گزشتہ دو دہائیوں میں کسی قازق صدر کا پہلا دورہ ہے، دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے اور سیاسی خیرسگالی کو عملی تعاون میں تبدیل کرنے کا بروقت موقع فراہم کرتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ اگرچہ حالیہ برسوں میں دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوا ہے تاہم یہ اب بھی اپنی حقیقی صلاحیت سے کم ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ تجارت و اقتصادی تعاون کے روڈ میپ 2025-2027، ٹرانزٹ ٹریڈ، کسٹمز تعاون اور بینکاری سے متعلق معاہدے تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

بڑے ٹیکس ریلیف کے اقدامات کیے اور معاشی چیلنجز کے دوران انتہائی ضروری مالی ریلیف فراہم کرنے کے مقصد سے تنخواہ دار افراد کے تمام انکم سلیبز پر ٹیکس کی شرح میں کمی کردی ہے۔تنخواہ دار افراد کیلئے ٹیکس کی شرح میں کمی کا مقصد نچلے اور متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کرنا ہے، تاہم سب سے زیادہ انکم ٹیکس سلیب کے زمرے میں آنے والے ٹیکس دہندگان کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا جبکہ گزشتہ فنانس ایکٹ میں تنخواہ دار طبقے کیلئے ٹیکس کا ایک نیا ڈھانچہ متعارف کرایا گیا جس کے تحت آمدنی کے مختلف سلیبس پر ٹیکس شرح اور ٹیکس کی رقم میں نمایاں کمی کی گئی۔وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت آئندہ بجٹ کا انتظار کیے بغیر کمیٹی کو مجموعی معاشی صورتحال پر بریفنگ دینے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

روپے سے زائد ہے۔ذرائع کے مطابق ایکنک نے ان منصوبوں کی منظوری اپنے اجلاس میں دی، جس کی صدارت نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کی۔نائب وزیراعظم کے دفتر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق، منظور شدہ منصوبوں میں اے ایف آئی سی ؟این آئی ایچ ڈی راولپنڈی کی توسیع، وزیراعظم یوتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام، کراچی ییلو لائن بی آر ٹی کوریڈور، اور گلگت بلتستان میں 34.5 میگاواٹ کا ہارپو ہائیڈرو پاور پروجیکٹ شامل ہیں۔اجلاس میں وزیر خزانہ، وزیر منصوبہ بندی، وزیر منصوبہ بندی سندھ، ایس اے پی ایم طارق باجوا، سیکرٹری منصوبہ بندی، وزیر دفاع، سیکرٹری واٹر ریسورسز اور ایڈیشنل سیکرٹریز سمیت ایڈمنسٹریٹو اور مالیاتی محکموں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

ریئر ایڈمرل شاہین ماماڈوف کے درمیان ملاقات کے دوران طے پایا۔ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سمندری سیکیورٹی صورتحال سمیت تربیت اور دفاع میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔دورے پر آئے مہمان کو پاک بحریہ کے جاری منصوبوں کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قریبی بحری تعاون پر مبنی دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق آذربائیجان کی بحری فوج کے کمانڈر کا دورہ دونوں ممالک بالخصوص بحری افواج کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دے گا۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

ایکٹ 2023 سے ہم آہنگ ہے۔ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات محمد اورنگزیب نے کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں پاکستان ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے بنیادی کردار کو برقرار رکھنے کی بھی منظوری دی گئی، جسے ایک مختصر اور مؤثر ساخت کے حامل سینٹر آف ایکسیلنس کی صورت میں جاری رکھا جائے گا تاکہ برانڈ پاکستان کو فروغ دیا جاسکے۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے ورچوئلی شرکت کی جبکہ متعلقہ وزارتوں، ڈویژنز اور ریگولیٹری اداروں کے سیکرٹریز اور سینئر حکام بھی شریک ہوئے۔کابینہ کمیٹی نے ایگزم بینک آف پاکستان کی پروکیورمنٹ پالیسی 2025 کا جائزہ لے کر منظوری دی، جو بینک کی خریداری کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تیار کی گئی ہے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

اجلاس میں انسداد دہشت گردی، اندرونی سلامتی اور سیکیورٹی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چینی سفیر نے سیکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات پر وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا جبکہ محسن نقوی نے ہر موڑ پر پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کرنے پر چین کا شکریہ ادا کیا۔جیانگ زیڈونگ نے بلوچستان میں حال ہی میں ہونے والے منظم حملوں کی شدید مذمت کی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ چین کی غیر متزلزل حمایت اور یکجہتی کا اعادہ کیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے سفیر کو بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے بروقت اور موثر ردعمل کے بارے میں بریفنگ دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری دشمنوں کی جانب سے اسے نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کے خلاف مضبوط اور مستحکم رہے گی۔مذاکرات میں وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، سیکرٹری داخلہ، اسپیشل سیکریٹری داخلہ اور چینی سفارت خانے کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ملاقات کا اختتام اس باہمی عہد کے ساتھ ہوا کہ اندرونی سیکیورٹی میں تعاون کو بڑھا کر اور ڈیجیٹل نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنا کر پاک چین تزویراتی شراکت داری کو مزید وسعت دی جائے گی۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

دوسو بیس سینٹی میٹر ہے۔اسے دسویں صدی ہجری کے ایک بڑے تاریخی نسخے کی طرز پر تیار کیا گیا ہے، جس کا اصل سائز پینتالیس ضرب تیس سینٹی میٹر تھا۔تیاری کے دوران قدیم طرزِ کتابت کو جدید مہارت کے ساتھ یکجا کیا گیا تاکہ تاریخی روایت بھی برقرار رہے اور فنکارانہ معیار بھی۔رپورٹس کے مطابق اس نسخے میں سورتوں کو خطِ ثلث میں جبکہ سور؟ الفاتحہ کو خطِ نسخ میں تحریر کیا گیا ہے۔عربی خطاطی، گلڈنگ اور نفیس بائنڈنگ کے امتزاج نے اسے ایک شاہکار بنا دیا ہے، جس میں اسلامی فنِ تعمیر اور تزئین و آرائش کی جھلک بھی نمایاں ہے۔مزید بتایا گیا ہے کہ جس قدیم نسخے کو بنیاد بنا کر یہ عظیم الشان قرآن تیار کیا گیا، اسے سنہ 1300 ہجری، یعنی 1883 عیسوی میں وقف کیا گیا تھا، اور وہ اب تک شاہ عبدالعزیز کمپلیکس کی اوقاف لائبریری میں محفوظ ہے۔واضح رہے کہ حرا کلچرل ڈسٹرکٹ میں قائم قرآن میوزیم میں مختلف ادوار کے نادر اور تاریخی قرآنی نسخے بھی رکھے گئے ہیں جو سیاحوں اور محققین کے لیے خصوصی کشش رکھتے ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

افراد کی ٹیکس ادائیگیاں اسی مدت میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کے ادا کردہ ٹیکس سے دگنا سے بھی زیادہ رہیں۔ذرائع کے مطابق یہ 315 ارب روپے کی رقم بک ایڈجسٹمنٹس کے بغیر ہے اور اس میں وہ ادائیگیاں بھی شامل نہیں جو بعض کنٹریکٹ ملازمین نے انکم ٹیکس ا؟رڈیننس کی دفعہ 153-بی کے تحت کیں۔پاکستان کا تنخواہ دار طبقہ بدستور غیر متناسب ٹیکس بوجھ کا شکار ہے اور حکومت کی سست روی کی پالیسی کا خمیازہ بھگت رہا ہے، حکومت کی جانب سے تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے کے دعوے محض زبانی جمع خرچ تک محدود ہیں، جس کے نتیجے میں ہنرمند، انتہائی ہنرمند اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد پاکستان چھوڑ رہے ہیں۔بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ ذرائع کے مطابق گزشتہ کیلنڈر سال میں ملک چھوڑنے والے 7 لاکھ 62 ہزار پاکستانیوں میں سے 2 لاکھ 54 ہزار 180 افراد ہنرمند، انتہائی ہنرمند یا اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے۔اوورسیز پاکستانیوں کی ترسیلات زرہی واحد وجہ ہیں جن کے باعث پاکستان ڈیفالٹ سے بچا ہوا ہے، تاہم حکومت اس بات سے اتفاق نہیں کرتی کہ تمام ہنرمند افراد پاکستان چھوڑ رہے ہیں۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

اور خودمختار مالیاتی حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزارت خزانہ کی وہ ٹیم بھی شریک تھی جو قرضوں کے انتظام، کیپٹل مارکیٹس اور متعلقہ پالیسی امور کی نگرانی کررہی ہے۔ وزارت خزانہ کی ٹیم نے موجودہ عالمی و علاقائی مارکیٹ صورتحال اور پاکستان کے بیرونی مالیاتی منظرنامے کا مجموعی جائزہ پیش کیا۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

اور پاکستان پر ٹیرف کی شرح تقریباً 10 فیصد تک لائی جائے۔ذرائع کے مطابق پی بی سی کی وزیراعظم کو بھیجی گئی درخواست کے مطابق صنعت کے لیے بجلی کی قیمتوں میں کمی اور ایکسپورٹ ری فنانس سہولت (ای آر ایف) کی شرح میں بروقت کمی نے برآمدات اور روزگار کو برقرار رکھنے کے عزم کا مضبوط اور ضروری اشارہ دیا ہے، خاص طور پر موجودہ سخت معاشی حالات میں۔کونسل نے وزیراعظم کی اس سے قبل کی فوری کارروائی کو بھی سراہا جب انہوں نے کئی تجارتی شراکت داروں پر عائد باہمی محصولات کے بعد امریکہ کے ساتھ اعلیٰ سطح رابطے کے لیے اقدام کیا تھا۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

اجے بنگا کے پہلے سرکاری دورہ پاکستان پر ان کا خیرمقدم کیا۔وزیراعظم نے پاکستان کے ساتھ عالمی بینک گروپ کی طویل المدتی شراکت داری اور ملک کی ترقیاتی ترجیحات کے فروغ کے لیے اس کے عزم کو سراہتے ہوئے بالخصوص 10 سالہ عالمی بینک گروپ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت تعاون کو قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

وہ پورے سال کے دوران کم ترین اسٹاک رکھنے والی کمپنی رہی۔کمپنی نے 73.6 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کیا، جو فی حصص 51.7 روپے آمدن کے برابر ہے۔ذیلی اور وابستہ کمپنیوں سے 22 ارب روپے کے زیادہ ڈیویڈنڈ آمدن اور 17.4 ارب روپے کی سرمایہ کاری آمدن نے مالی کارکردگی میں کلیدی کردار ادا کیا۔مجموعی یوریا پیداوار 2,903 ہزار ٹن رہی جبکہ ڈی اے پی کی پیداوار 837 ہزار ٹن ریکارڈ کی گئی۔یوریا اور ڈی اے پی پلانٹس کی اوسط استعداد استعمال بالترتیب 112 فیصد اور 124 فیصد رہی۔سال کے دوران یوریا کی مجموعی فروخت 2,886 ہزار ٹن جبکہ ڈی اے پی کی فروخت 834 ہزار ٹن رہی۔کمپنی نے قومی خزانے کی معاونت میں بھی اہم کردار ادا کیا اور ٹیکسوں اور لیویز کی مد میں 110.07 ارب روپے ادا کیے، جو گزشتہ سال کے 94.11 ارب روپے کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہے۔مزید برآں، مقامی طور پر تیار کردہ کھاد نے درآمدی متبادل کے ذریعے تقریباً 1.2 ارب امریکی ڈالر کے زرمبادلہ کی بچت ممکن بنائی۔بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے فی حصص 8.5 روپے یعنی 85 فیصد حتمی نقد منافع کا بھی اعلان کیا ہے۔یہ اس سے قبل ادا کیے گئے عبوری منافع 28.50 روپے فی حصص یعنی 285 فیصد کے علاوہ ہے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

ڈیزائن کیا گیا ہے۔ڈیزائن کابینہ کو بھیج دیے گئے ہیں، منظوری ملتے ہی مرکزی بینک ان کی پرنٹنگ کا عمل شروع کردے گا۔چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا نے اس پیش رفت کا خیرمقدم کیا اور کمیٹی کی اس دیرینہ سفارش کو دہرایا کہ کرنسی نوٹوں کو جدید بنایا جائے اور ان کے حفاظتی فیچرز کو مزید مضبوط کیا جائے۔قبل ازیں اسٹیٹ بینک نے کہا تھا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد دو سے تین مختلف مالیت کے نئے ڈیزائن کینوٹوں کی بیک وقت چھپائی شروع کی جائے گی جبکہ اسٹاک کی کم از کم سطح مکمل ہونے پر ان نوٹوں کو مرحلہ وار گردش میں لایا جائے گا۔تاہم انہوں نے اس بات کا انکشاف کرنے سے گریز کیا کہ کون سی مالیت کے نوٹ سب سے پہلے گردش میں لائے جائیں گے۔اس وقت مارکیٹ میں 10، 20، 50، 75، 100، 500، 1000 اور 5000 روپے کی مختلف مالیت کے نوٹ گردش میں ہیں۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

ڈھانچے کے تحت کام کررہی ہے، جس میں حکومت کے پاس 25 فیصد شیئرز ہیں جبکہ 75 فیصد انتظامی اختیار نجی شعبے کے کنسورشیم کے پاس ہے جس کی قیادت عارف حبیب گروپ کررہا ہے اور جس نے آپریشنل کنٹرول سنبھال لیا ہے۔حکام نے بتایا کہ اس وقت ایئرلائن کے بیڑے میں 18 طیارے شامل ہیں، جن میں سے 12 لیز پر ہیں جبکہ 6 کمپنی کی ملکیت ہیں اور ضروری مرمت کے مراحل سے گزر رہے ہیں۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

گزشتہ سال جولائی سے جاری کمی کا تسلسل ہے۔ذرائع کے مطابق مقامی مارکیٹ میں، بی وائے ڈی نے گزشتہ ماہ کئی پلگ ان ہائبرڈ ماڈلز کی اپگریڈ شدہ نئی ورژنز لانچ کیں، جن میں طویل فاصلے تک چلنے والی بیٹریاں ہیں، تاکہ اس کے سستے ہائبرڈ ماڈلز کی کشش بڑھائی جاسکے۔پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں کی فروخت، جو بی وائے ڈی کی کل فروخت کا نصف سے زیادہ ہے، جنوری میں 28.5 فیصد کم ہوئی، اس رجحان کو 2025 میں 7.9 فیصد کمی کے بعد جاری رکھا گیا۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

15 فیصد سے بڑھا کر 75 فیصد کردی ہیں۔ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اس سلسلے میں ایف بی آر نے نوٹیفکیشن ایس آر او 163(I)/2026 جاری کیا۔ایف بی آر نے وفاقی دارالحکومت میں ریئل اسٹیٹ ایجنٹس سے مشاورت کے بعد قیمتوں میں نظر ثانی کی ہے۔ایف بی آر نے اسلام آباد کی غیر منقولہ جائیدادوں کی قدروں کے جدول ایس آر او 2392(I)/2025 کو منسوخ کرکے نئے جدول ایس آر او 163(I)/2026 کے تحت تبدیل کردیا ہے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

ان کی گہری دلچسپی کو سراہا۔ملاقات کے دوران ایلامین گروپ نے گلگت بلتستان میں پلیسر سونے کی کان کنی کے منصوبوں میں فوری طور پر بیس ملین امریکی ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے عزم کا اظہار کیا جبکہ آئندہ مراحل میں مزید سرمایہ کاری کے امکانات سے بھی آگاہ کیا۔وفد نے بتایا کہ وہ گلگت بلتستان کے علاقے میں پہلے ہی ابتدائی مطالعات مکمل کرچکا ہے اور وہاں پلیسر سونے کی تلاش اور ترقی کے لیے نمایاں صلاحیت موجود ہے۔وفد نے اپنے چینی شراکت داروں کے تعاون سے جدید کان کنی ٹیکنالوجی متعارف کرانے کے منصوبوں سے بھی آگاہ کیا جس کا مقصد مو؟ثر، پائیدار اور ماحول دوست کان کنی کے طریقوں کو فروغ دینا ہے۔ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے ایڈیشنل سیکریٹری اوّل ذوالفقار علی کے ہمراہ وفد کو وفاقی اور صوبائی سطح پر مکمل سہولت کاری کی یقین دہانی کرائی، جس میں ضابطہ جاتی معاونت، متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے ون ونڈو نظام کے تحت معاونت شامل ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

فنانس ڈویژن میں منعقد ہوا جس میں وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد کی قیادت جاوید اختر (چیف فنانس آفیسر، اسید گروپ و بورڈ ممبر، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ) نے کی جبکہ وفد میں زبیر شیخ (چیف ایگزیکٹو آفیسر) اور ضرار محمود (چیف فنانس آفیسر، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ) بھی شامل تھے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

کمرے میں اس وقت معلوم نہیں تھا کہ ان کے سب سے نجی لمحات ایک چھپے ہوئے کیمرے سے ریکارڈ ہورہے ہیں اور یہ مواد ہزاروں افراد کے لیے آن لائن دستیاب ہوگا۔ایریک نے بتایا کہ تین ہفتے قبل وہ ایک سوشل میڈیا چینل پر ویڈیوز دیکھ رہا تھا کہ اچانک اسے اپنے اور ایملی کے ہوٹل قیام کی ویڈیو نظر آئی۔یہ ویڈیو ٹیلی گرام پر دستیاب تھی جہاں صارفین خفیہ کیمروں سے ریکارڈ کی گئی ہوٹل روم کی سرگرمیوں کو دیکھ کر تبصرے اور تنقید کرتے ہیں۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

اضافے کے ساتھ 1,891.27 ڈالر پر ٹریڈ ہوا۔اعداد وشمار کے مطابق عالمی کرپٹو مارکیٹ نے اکتوبر کے آغاز میں 4.379 ٹریلین ڈالر کی بلند ترین سطح کے بعد تقریباً 2 ٹریلین ڈالر کھو دیے ہیں، جن میں سے پچھلے ایک ماہ میں 1 ٹریلین ڈالر سے زیادہ کا نقصان ہوا۔ذرائع کے مطابق اس ہفتے بٹ کوائن کے 16 فیصد کم ہونے کا امکان ہے، جس سے اس سال اب تک کے نقصانات 27 فیصد تک پہنچ جائیں گے۔ایتھر بھی ہفتہ وار بنیاد پر 17 فیصد کمی کی جانب ہے اور اس سال کے نقصانات 36 فیصد تک جا پہنچے ہیں۔کرپٹو مارکیٹ کی کارکردگی عالمی اسٹاکس اور قیمتی دھاتوں میں فروخت سے متاثر ہوئی ہے۔ سونا اور چاندی میں لیوریج خریداری اور قیاسی سرمایہ کاری کے اثرات نے بھی مارکیٹ میں اتارچڑھاؤ پیدا کیا ہے۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

ہینڈ آؤٹ کے مطابق اس اہم ملاقات کے دوران شہباز شریف نے امن و امان کی بحالی کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان شراکت داری کو ناگزیر قرار دیا۔انہوں نے صوبائی حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف اپنی کوششیں تیز کرے اور امن کے قیام کیلئے مقامی سیکیورٹی اداروں کو مضبوط بنائے۔وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھیں گی۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

قائد آباد تک بدترین ٹریفک جام کی وجہ سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں پھنس گئیں، فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ پلاسٹک کا سامان بنانے والی فیکٹری میں لگی تھی جس نے پوری فیکٹری کو اپنی لپیٹ میں لے لیا عملہ مجموعی طور پر 10 فائر ٹینڈرز، 3 اسنارکل اور واٹر باؤزر کی مدد سے آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

کردیا، سیاحتی ویزے پر کراچی سے دبئی جانیوالی 2 خواتین کو کلیئرنس کے دوران آف لوڈ کیا گیا، دستاویزات کی جانچ اور ابتدائی تفتیش کے دوران مسافروں کی جانب سے سیاحتی ویزے کی آڑ میں مساج سینٹرز میں ملازمت کا انکشاف ہوا، ملزمان میں شامل فیصل آباد کی رہائشی خاتون نے جنسی استحصال نیٹ ورک میں ملوث ہونے کا بھی اعتراف کیا، ملزمہ شمیلہ فیس بک اور واٹس ایپ کے ذریعے خواتین کو بھرتی کرنے میں ملوث پائی گئی۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

غربی میں خواجہ اجمیر نگری چورنگی سے ڈیڈیکس روڈ منگھوپیر تک سڑک اور ڈرینیج سسٹم کی تعمیر کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کراچی کے جنرل سیکریٹری روف ناگوری، کے ایم سی کونسل میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، جمن دروان، منتخب نمائندے اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

سندھ مراد علی شاہ نے تین روزہ ادبی میلے کا باقاعدہ افتتاح کیا، کراچی لٹریچر فیسٹیول میں 70 سے زائد سیشن رکھے گئے ہیں۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

پلیٹ فارمز روزہ مرہ زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔دوسری جانب ذرائع کے مطابق معاشی ماہرین نے عرب نیوز میں شائع مضمون کو پاکستان کی ابھرتی ہوئی معیشت کی بہترین عکاسی قرار دیا، ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان میں اس وقت بنیادی معاشی اشاریے تیزی سے بہتر ہورہے ہیں۔ماہرین کے مطابق قومی سطح کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پاکستان کو دنیا کی ابھرتی ہوئی معیشتوں کے مقابلے میں نمایاں برتری فراہم کرتے ہیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ پالیسی استحکام اور اصلاحات کے تسلسل نے طویل المدتی سرمایہ کاری کیلئے اعتماد بحال کردیا ہے، خلیجی سرمایہ کاروں کیلئے 5G، ڈیٹا سینٹرز اور مصنوعی ذہانت جیسے شعبے پاکستان میں سرمایہ کاری کا اگلا مرحلہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ماہرین نے کہا کہ حکومت کی مستحکم معاشی اصلاحات اور ڈیجیٹل ترقی کے باعث پاکستان عالمی بالخصوص خلیجی سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کررہا ہے۔عرب نیوز میں شائع مضمون پاکستان کو ایک ایسی معیشت کے طور پر پیش کرتا ہے جو طویل المدتی سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کررہی ہے۔

راولپنڈی: صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نور خان ایئربیس پر ایئر بک صدر کا استقبال کر رہے ہیں

عالمی بینک کے صدر کا دورہ لاڑکانہ، سیلاب متاثرین کیلئے کئے جانے والے اقدامات کا جائزہ

21 لاکھ گھروں کی تعمیر نو تاریخی اقدام ہے، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ

لاڑکانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ورلڈ بینک گروپ کے صدر اجے بانگا دس رکنی اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ لاڑکانہ پہنچے جہاں موئن جو دڑو ایئرپورٹ پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران ورلڈ بینک کے صدر وزیر اعلیٰ کے ہمراہ ضلع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

کراچی میں ٹریفک کی صورتحال روز بروز سنگین ہوتی جا رہی ہے، مظہر نواز شیخ

ڈی آئی جی پی ٹریفک کراچی کا ساؤتھ آڈیٹوریم میں منعقدہ دربار سے خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی آئی جی پی ٹریفک کراچی جناب مظہر نواز شیخ کی زیر صدارت ساؤتھ آڈیٹوریم میں دربار کا انعقاد کیا گیا، جس میں تمام ٹریفک ایس ایس پیز، ڈی ایس پیز، سیکشن آفیسرز اور ریکارڈ کیپرز نے شرکت کی۔ دربار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی پی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

مسقط: ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی امریکی حکام سے مذاکرات کے بعد واپس جا رہے ہیں

پاکستان اور قازقستان تعاون بڑھانے کیلئے مضبوط عزم رکھتے ہیں، صدر زرداری

صدر تو کایوف کا یہ دورہ، گزشتہ دو دہائیوں میں کسی قازق صدر کا پہلا دورہ ہے، حالیہ برسوں میں دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوا ہے

پاکستانی بندرگاہوں تک رسائی کے ذریعے نہ صرف دوطرفہ تجارت بڑھے گی بلکہ پورے خطے میں معاشی استحکام اور انضمام کو بھی فروغ ملے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان حال ہی میں دستخط شدہ 2025-2027 کے لیے تجارتی اور معاشی تعاون کے روڈ میپ، عملی رکاوٹوں کو دور کرنے اور تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق قازقستان کے صدر قاسم جومارت تو کایوف سے ملاقات میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان سیاسی، اقتصادی اور علاقائی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے مضبوط عزم رکھتے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

زیادہ آمدنی والے طبقے پر ٹیکس شرح کا ازسرِنو جائزہ لیں گے

انتہائی ضروری مالی ریلیف فراہم کرنے کے مقصد سے تنخواہ دار افراد کے تمام انکم سلیبز پر ٹیکس کی شرح میں کمی کر دی ہے

سب سے زیادہ انکم ٹیکس سلیب کے زمرے میں آنے والے ٹیکس دہندگان کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت آئندہ وفاقی بجٹ کی تیاری کے دوران سب سے زیادہ تنخواہ لینے والے طبقے یا زیادہ آمدنی والے افراد پر ٹیکس کی شرح کا ازسرِنو جائزہ لے گی، ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق وزیر خزانہ نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو آگاہ کیا کہ سب سے زیادہ آمدنی والے افراد پر ٹیکس شرح پر نظرِ ثانی کرنے کی ضرورت ہے۔ ماہانہ ایک لاکھ روپے کی آمدنی پر ٹیکس 5 فیصد سے کم کر کے 1 فیصد کر دیا گیا تھا لیکن پچھلے بجٹ میں عوام کو دی گئی اس بڑی ریلیف کے بارے میں کوئی بات نہیں کر رہا۔ حکومت نے وفاقی بجٹ (26-2025) میں تنخواہ دار طبقے کے ٹیکس دہندگان کے لیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

جنوری 2026 میں مہنگائی بڑھنے کی شرح سالانہ بنیادوں پر 5.8 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوری 2026 کے دوران پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کی شرح سالانہ بنیادوں پر 5.8 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ یہ شرح وزارتِ خزانہ کے 5 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

کابینہ کمیٹی نے نیشنل بینک آف پاکستان کی پروکیورمنٹ پالیسی 2025 کی منظوری دے دی

مقصد ایگزم بینک کی خریداری کے عمل کو مؤثر بنانا اور اسٹیٹ اونڈ انٹر پرائزز ایکٹ 2023 سے ہم آہنگ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کمیٹی برائے اسٹیٹ اونڈ انٹر پرائزز نے ایکسپورٹ امپورٹ (ایگزم) بینک آف پاکستان کی پروکیورمنٹ پالیسی 2025 کی منظوری دے دی، جس کا مقصد ایگزم بینک کی خریداری کے عمل کو مؤثر اور منظم بنانا ہے۔ یہ پالیسی اسٹیٹ اونڈ انٹر پرائزز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

پاکستان اور چین دہشتگردی کے خلاف مشترکہ اقدامات پر متفق

محسن نقوی نے ایک خصوصی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ (ایس پی یو) بنانے کا اعلان کیا

چینی سفیر نے سیکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات پر وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دوطرفہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کیلئے ایک اہم اقدام کے طور پر پاکستان اور چین نے وزارت داخلہ میں اعلیٰ سطح اجلاس کے بعد دہشتگردی کے خلاف مؤثر کارروائی کے لئے ایگزیکٹس شیئرنگ اور سائبر کرائم میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ کے اسلام آباد میں وزارت داخلہ کے دورے کے دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایک خصوصی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ (ایس پی یو) بنانے کا اعلان کیا، جسے خاص طور پر چینی شہریوں اور منصوبوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ نے اس بات پر زور دیا کہ چینی شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں جدید چینی ٹیکنالوجی کا استعمال انتہائی معاون اور کلیدی ثابت ہوگا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کشمیر یکجہتی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

قومی اقتصادی کونسل نے چار بڑے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی (ایکنک) نے گذشتہ روز چار بڑے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی جن کی مجموعی مالیت 240 ارب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

پاکستان اور آذربائیجان دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گے

پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قریبی بحری تعاون پر مبنی دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور آذربائیجان نے موجودہ دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط اور متنوع بنانے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ مجموعہ اسلام آباد میں نیول ہیڈکوارٹرز میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور کمانڈر آذربائیجان نیول فورسز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

تنخواہ دار طبقے کی جانب سے ادا کیے جانے والے انکم ٹیکس میں مزید اضافہ

گزشتہ کیلنڈر سال میں ملک چھوڑنے والے 7 لاکھ 62 ہزار پاکستانیوں میں سے 2 لاکھ 54 ہزار 180 افراد ہنر مند، انتہائی ہنر مند یا اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے

وفاقی حکومت کے ملازمین نے 31.5 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 9 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق برین ڈرین میں اضافے کے باوجود پاکستان کے دباؤ کا شکار تنخواہ دار طبقے کی جانب سے ادا کیے جانے والے انکم ٹیکس میں مزید اضافہ ہوا اور رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران یہ رقم 10 فیصد بڑھ کر 315 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ سال ملک چھوڑنے والے ہر 3 میں سے ایک پاکستانی کا تعلق ہنر مند یا اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے سے تھا، جو بہتر ملازمت اور زیادہ تنخواہوں کی تلاش میں بیرونِ ملک گیا۔ عبوری اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا جنوری کے دوران تنخواہ دار افراد نے 315 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں وصول ہونے والے 285 ارب روپے کے مقابلے میں 30 ارب روپے یا 10.5 فیصد زیادہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق سرکاری و نجی شعبے کے تنخواہ دار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

بسنت کے موقع پر لبرٹی چوک لاہور کو خوبصورت پتنگوں اور لائٹوں سے سجایا گیا ہے

دنیا کا سب سے بڑا قرآن مجید گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل

یہ ضخیم قرآن مجید سات سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس کا حجم تین سو بارہ ضرب دو سو بیس سینٹی میٹر ہے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) ریاض میں مکہ مکرمہ کے معروف حرا گلچرل ڈسٹرکٹ میں قائم قرآن میوزیم میں محفوظ دنیا میں اپنی نوعیت کے سب سے بڑے قرآن کریم کے نسخے کو باضابطہ طور پر گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اس اعزاز کے بعد یہ عظیم الشان نسخہ عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بن گیا ہے اور اسے اسلامی ورثے کی ایک غیر معمولی مثال قرار دیا جا رہا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق یہ ضخیم قرآن مجید سات سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس کا حجم تین سو بارہ ضرب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

وفاقی وزیر خزانہ کی سٹی بینک کے اعلیٰ سطح وفد سے ملاقات

وزارت خزانہ کی وہ ٹیم بھی شریک تھی جو قرضوں کے انتظام، کیپٹل مارکیٹس اور متعلقہ پالیسی امور کی نگرانی کر رہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے وزارت خزانہ میں سٹی بینک کے ایک اعلیٰ سطح وفد سے ملاقات کی، جس کی قیادت سٹی بینک کے سٹی کنٹری آفیسر حبیب یوسف کر رہے تھے۔ وفد میں کارپوریٹ بینکنگ ہیڈ علی نثار رضوی، اور وائس پریذیڈنٹ کارپوریٹ بینکنگ اسامہ پراچہ بھی شامل تھے۔ ملاقات میں حکومت پاکستان اور سٹی بینک کے درمیان ممکنہ تعاون (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

امریکہ کی جانب سے پاکستان پر عائد ڈیوٹی کی شرح تقریباً 10 فیصد تک لائی جائے، پاکستان ٹیکسٹائل کونسل

پی ٹی سی کے مطابق باہمی محصولات کی کمی سے پاکستان کی امریکی مارکیٹ میں مسابقت برقرار رہے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل نے وزیر اعظم شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان فوری اور فعال انداز میں تمام دستیاب سفارتی، اسٹریٹجک اور تجارتی ذرائع استعمال کرے تاکہ امریکی انتظامیہ سے باہمی محصولات میں کمی کے لیے بات چیت کی جا سکے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

شہباز شریف اور ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا کے درمیان اہم ملاقات

ملکی ضروریات کے مطابق تشکیل دیے گئے اصلاحاتی پروگرام پر پوری تندہی سے عمل پیرا ہیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے ورلڈ بینک گروپ کے گراں قدر تعاون کا اعتراف کیا جو پاکستان کی معاشی ترقی اور اصلاحات کو آگے بڑھانے میں کلیدی ثابت ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی بینک گروپ کے صدر اجے بنگا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ان سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے عالمی بینک گروپ کے صدر کی حیثیت سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ نے گذشتہ مالی سال کے نتائج کا اعلان کر دیا

کمپنی نے 73.6 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کیا، جو فی حصص 51.7 روپے آمدن کے برابر ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ نے 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے نتائج کا اعلان 29 جنوری 2026 کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کیا۔ ذرائع کے مطابق سال کے بیشتر حصے میں کھاد کی مارکیٹ رسد کی زیادتی کا شکار رہی، جس کی بڑی وجوہات ناموافق موسمی حالات، فصلوں کی غیر یقینی پیداوار اور کسانوں کی کمزور معاشی صورتحال تھیں۔ اس کے نتیجے میں صنعت بھر میں ڈخائر کی سطح بلند رہی تاہم کمپنی کے مؤثر انتظامی اقدامات کے باعث (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

کورنگی میں بینک کی چھت پر لگی آگ بجھانے کے بعد ریسکیو عملہ سامان اٹھا رہا ہے

وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی ملاقات، اہم معاملات پر تبادلہ خیال

شہباز شریف نے امن و امان کی بحالی کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان شراکت داری کو ناگزیر قرار دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف اور خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں قومی سلامتی اور علاقائی ترقی کے حوالے سے وفاقی اور صوبائی حکمت عملیوں کو ہم آہنگ کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم آفس سے جاری کردہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کو حتمی شکل دے دی گئی

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو آگاہ کیا گیا کہ اسٹیٹ بینک نے جدید سیکیورٹی فیچرز کے حامل کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کو حتمی شکل دے دی

ڈیزائن کابینہ کو بھیج دیے گئے ہیں، منظوری ملتے ہی مرکزی بینک ان کی پرنٹنگ کا عمل شروع کر دے گا، جمیل احمد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو آگاہ کیا گیا کہ اسٹیٹ بینک نے جدید سیکیورٹی فیچرز کے حامل کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کو حتمی شکل دے دی اور انہیں منظوری کیلئے وفاقی کابینہ کو بھیج دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ریگولیٹری اداروں میں اعلیٰ تقرریوں، بجٹ کی تقسیم اور وزارت خزانہ کے پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد) نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نئے بینک نوٹوں کی اسٹیٹ بینک بورڈ سے جانچ پڑتال مکمل کروالی گئی، انہیں جعلی کرنسی کی روک تھام کے لیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

گلشن جناح: گل پلازہ متاثرین کیلئے 1200 اسٹالز کی تیاری

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) میئر مرتضیٰ وہاب نے سانحہ گل پلازہ کے متاثرین کی بحالی کا فیصلہ کیا ہے، اسٹالز کی تیاری شروع کر دی گئی، گل پلازہ کی تعمیر سے قبل دکانداروں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدام کیا گیا، رمضان میں باغ جناح میں گل پلازہ کے متاثرین کو بغیر معاوضے کے 1200 اسٹال لگا کر دیے جائیں گے باغ جناح میں کے ایم سی عارضی اسٹال لگائے گی، علاوہ ازیں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے ضلع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

کراچی: 3 روزہ لٹریچر فیسٹیول کا آغاز، کتابوں کی رونمائی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی میں 3 روزہ لٹریچر فیسٹیول کا آغاز ہو گیا، جہاں ادبی محفلوں کے دوران 70 سے زائد سیشن اور 38 کتابوں کی تقریب رونمائی کا اہتمام کیا گیا ہے، رواں سال فیسٹیول میں مصنوعی ذہانت کے ساتھ ساتھ کھنک اور کن ٹیپ ریری ڈانس پر خصوصی سیشن بھی منعقد کیے جائیں گے، تفصیلات کے مطابق کراچی کے بیچ لگژری ہوٹل میں ستروین کراچی لٹریچر فیسٹیول کا افتتاح کر دیا گیا، وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

ہنی مون ہوٹل کے کمروں میں خفیہ کیمرے

ہوٹل کے کمروں کے خفیہ کیمروں سے بنائی گئی ویڈیوز کی آن لائن فروخت ایک صنعت بن چکی ہے

شکھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) ہوٹل کے کمروں کے خفیہ کیمروں سے بنائی گئی ویڈیوز کی آن لائن فروخت ایک صنعت بن چکی ہے چین میں ہوٹل کے کمرے میں خفیہ کیمروں سے جوڑوں کی نجی لمحات کی ویڈیوز بنا کر انھیں آن لائن فروخت کرنا ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکا ہے۔ المی خبر رساں ادارے کے مطابق 2023 میں بھی شینزین کے ایک ہوٹل میں قیام کے دوران باتھ کا نگ سے تعلق رکھنے والے ایریک اور ان کی دوست ایملی نے یہ تکلیف دہ تجربہ جھیلا تھا۔ جوڑے کو ہوٹل کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

معروف سعودی کمپنی آئندہ 3 برس کے دوران پاکستان میں 100 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کرے گی

پیشرفت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد کے درمیان ہونے والے ایک اعلیٰ سطح اجلاس کے دوران سامنے آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کی معروف توانائی کمپنی وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے پاکستان میں آئندہ دو سے تین سال کے دوران 100 ملین ڈالر تک کی سرمایہ کاری کے منصوبوں کا اشارہ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ پیشرفت وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد کے درمیان ہونے والے ایک اعلیٰ سطح اجلاس کے دوران سامنے آئی۔ اجلاس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے،
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

Tijaratnewshd@gmail.com

0313-1176161

پی آئی اے کی نجکاری کا عمل اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے

موجودہ ایئرلائنٹ ورک میں توسیع کے لیے نا کافی ہے اور خدمات کو بہتر بنانے کے لیے فوری طور پر مزید طیاروں کی ضرورت ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی نجکاری کا عمل اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، اور حکام کے مطابق انتظامی کنٹرول نجی کنسورشیم کو منتقل ہونے کے بعد حکومت کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ وہ تین ماہ کی مدت میں اپنے باقی ماندہ 25 فیصد حصص فروخت کر دے، جن کی مالیت تقریباً 45 ارب روپے بنتی ہے۔ پی آئی اے حکام کے مطابق ایئرلائن اب ایک نئے ملکیتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

الیکٹرک وہیکل بنانے والی چینی کمپنی کو سخت مقابلے کا سامنا، فروخت میں 30 فیصد کمی

مقامی مارکیٹ میں، بی وائے ڈی نے گزشتہ ماہ گئی بلیک ان ہائبر ڈمارکیٹ کی اپگریڈ شدہ نئی ورژنز لانچ کیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی الیکٹرک وہیکل بنانے والی بی وائے ڈی کی گاڑیوں کی فروخت جنوری میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 30.1 فیصد کم ہو گئی، جو مسلسل پانچویں ماہ کی کمی ہے، کیونکہ کمپنی بیرونی غیر یقینی صورتحال اور مقامی مارکیٹ میں سخت مقابلے کا سامنا کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمپنی نے گزشتہ ماہ دنیا بھر میں 210,051 گاڑیاں فروخت کیں جبکہ نئی توانائی والی گاڑیوں کی برآمدات جنوری میں 100,482 یونٹس رہیں۔ اس کی پیداوار 29.1 فیصد کم رہی، جو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

لاہور: بسنت میلے میں ایک خاتون سیلفی بنا رہی ہے

کراچی، فیکٹری میں آگ لگ گئی، ملحقہ فیکٹری کو بھی لپیٹ میں لے لیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) لانڈھی ایکسپورٹ پروسیسنگ زون میں قائم فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی اور ملحقہ فیکٹری کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا، لگنے والی آگ کے شعلے دور سے دکھائی دے رہے تھے، چیف فائر آفیسر نے آگ کی شدت کو دیکھتے ہوئے اسے تیسرے درجے کی آگ قرار دیکر شہر بھر سے فائر ٹینڈرز اور اسنارکل کو طلب کر لیا گیا، نیشنل ہائی ویز 15 سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

کراچی، انسانی اسمگلنگ اور جنسی استحصال نیٹ ورک بے نقاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے امیگریشن نے بروقت کارروائی کے دوران کراچی ائیر پورٹ پر انسانی اسمگلنگ اور جنسی استحصال نیٹ ورک بے نقاب کر دیا، دبئی جانیوالی 2 خواتین مسافروں کو امیگریشن کلیئرنس کے دوران پرواز سے آف لوڈ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کراچی کے جناح ٹرمینل ائیر پورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن کے عملے نے انسانی اسمگلنگ اور جنسی استحصال نیٹ ورک کو بے نقاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

وفاقی دارالحکومت میں غیر منقولہ جائیدادوں کی شرح 15 فیصد سے بڑھا کر 75 فیصد کر دی گئی

ایف بی آر نے وفاقی دارالحکومت میں ریئل اسٹیٹ ایجنٹس سے مشاورت کے بعد قیمتوں میں نظر ثانی کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری میں رہائشی اور کمرشل غیر منقولہ جائیدادوں کی قدروں کے نوٹیفکیشن سے ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کو خارج کر دیا ہے اور وفاقی دارالحکومت کے علاقوں میں غیر منقولہ جائیدادوں کی شرح (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

بٹ کوائن 16 ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گیا

ایتھر بھی اسی دوران 10 ماہ کی کم ترین سطح 1,751.94 ڈالر تک جا پہنچا، تاہم بعد میں 2.4 فیصد اضافے کے ساتھ 1,891.27 ڈالر پر ٹریڈ ہوا

عالمی کرپٹو مارکیٹ نے اکتوبر کے آغاز میں 4.379 ٹریلین ڈالر کی بلند ترین سطح کے بعد تقریباً 2 ٹریلین ڈالر کھو دیے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق رواں ماہ کے دوران بٹ کوائن میں شدید اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا اور یہ 60,008.52 ڈالر کی کم ترین سطح سے 64,153.24 ڈالر تک بڑھا، جو 1.64 فیصد اضافے کے ساتھ بند ہوا۔ یہ قیمت اکتوبر 2024 کے بعد سب سے کم تھی، ذرائع کے مطابق، بٹ کوائن اکتوبر 2025 سے نیچے جا رہا ہے، یہ شاید کسی بڑی مارکیٹ خطرے کی نشانی ہو یا محض اتفاق۔ بڑے اور بھری ہوئی پوزیشنز کو بہت تیزی سے ختم کیا جا رہا ہے۔ ایتھر بھی اسی دوران 10 ماہ کی کم ترین سطح 1,751.94 ڈالر تک جا پہنچا، تاہم بعد میں 2.4 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

کورنگی روڈ پر اختر کالونی سگنل کے پاس کھلے ہوئے نالے پر رکھے لوہے کے پائپ سے خاتون گزر رہی ہے

قازقستان کا ایلامن گروپ گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری کے لیے تیار

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے قازقستان کے ایلامن گروپ کے وفد سے ملاقات کی

گروپ نے گلگت بلتستان میں پلیسر سونے کی کان کنی کے منصوبوں میں فوری طور پر بیس ملین امریکی ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قازقستان کے ایلامن گروپ نے گلگت بلتستان میں پلیسر سونے کی کان کنی کے منصوبوں میں فوری طور پر بیس ملین امریکی ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے، سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے قازقستان کے ایلامن گروپ کے وفد سے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع، بالخصوص گلگت بلتستان میں پلیسر سونے کی کان کنی کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وفد کا پ؟ رتپاک استقبال کیا اور پاکستان کے معدنی شعبے میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

نیاز اسٹیڈیم حیدرآباد میں پی ایس ایل حیدرآباد کے لوگو اور نام کی تقریب رونمائی کیلئے اسٹیج کی تیاری جاری ہے

ایڈیٹر محمد صفیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا